https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعرات یکم اکتوبر 2026ء | 16 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 168

بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے، سرفراز بگٹی

بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے

حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کیلئے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے، غذائی تحفظ، غذائیت کی بہتری اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں میں وسعت سمیت باہمی تعاون مزید بڑھانے کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں ورلڈ فوڈ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں، بچوں اور خواتین کو معیاری غذائیت کی فراہمی اور صوبے میں غذائی صورتحال اور مستقبل کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر غذائی قلت سے نمٹنے، غذائی تحفظ کیلئے مشترکہ اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے طریقوں پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں غذائی قلت ایک سنگین مسئلہ ہے جس کے تدارک (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب کے دفاع کیلئے تمام دستیاب وسائل فراہم کرینگے، خواجہ آصف

حوثیوں نے سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں جبکہ یمن میں بحیرہ احمر کے ساحل تک اپنا کنٹرول بھی وسیع کیا ہے

سعودی عرب کو مدد فراہم کرنے کے پاکستان کے عزم میں کوئی ابہام نہیں، سعودیہ کا کوئی بھی دشمن ہمارا دشمن ہے، وزیر دفاع

روم (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کے پاس موجود تمام دستیاب وسائل فراہم کیے جائیں گے، تاہم انہوں نے سعودی عرب میں موجود پاکستانی فوجیوں کی حوثیوں کے خلاف فضائی حملوں میں شرکت کی تصدیق یا تردید سے گریز کیا۔ عرب نیوز کو روم میں انٹرویو دیتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے نئے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

صدر آصف زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف کی ملاقات کا امکان ہے۔ ذرائع (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کے پی میں ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے پی میں (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی زیر ایس سی او رکن ممالک کے نیشنل کوآرڈینیٹرز کی نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار سے ملاقات

اہم اقدامات پر پیش رفت صدارت ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس اختتام پذیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی زیر صدارت ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس بدھ کو یہاں اسلام آباد میں اختتام پذیر ہو گیا جبکہ اجلاس میں شریک (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی سروس رولز کے تحت ملازمین ترقی کے معاملے پر آئینی درخواست دائر نہیں کر سکتے، وفاقی آئینی عدالت

محض اس بنیاد پر کہ آجر ایک سرکاری شعبے کی کمپنی ہے یا عوامی اہمیت کے فرائض انجام دیتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ ایسے سرکاری شعبے کے ادارے کے ملازمین جن کی ملازمت کی شرائط قانونی حیثیت رکھنے والے قانونی سروس رولز کے تحت منظم نہ ہوں، ترقی یا معمولی تادیبی سزا کے اثرات سے متعلق تنازع پر ہائیکورٹ کے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج، وزیراعظم کا مختلف آپشنز پر غور

وزیراعظم شہباز شریف کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات بھی متوقع ہے، جس میں خیبر پختونخوا کی صورت حال اور ممکنہ آئینی اقدامات پر مشاورت کی جائے گی

صوبے میں گورننس کی ناکامی واضح ہے صوبائی حکومت دہشت گردی روکنے میں ناکام رہی ہے جبکہ صحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں بھی صورت حال خراب ہے، عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے ممکنہ نفاذ کے معاملے پر وزیراعظم شہباز شریف سے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے ملاقات کی جس میں اہم آئینی، قانونی اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ وزیراعظم کی زیر صدارت مشاورتی اجلاس میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی لگانے سے متعلق مختلف آپشنز پر غور کیا گیا اور کسی بھی بڑے فیصلے سے قبل تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف سے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے ملاقات کی جس میں اہم آئینی، قانونی اور پارلیمانی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری ملاقات کر رہے ہیں

شہباز شریف کی چینی صدر شی جن پنگ اور عوام کو دل کی گہرائیوں سے قومی دن پر مبارکباد

وزیراعظم کا عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے قومی دن پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، سی پیک کے نئے فیز میں صنعتکاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

عمران خان کو اسلام آباد پر چڑھائی سے نہیں عدالتوں سے رہائی ملے گی، رانا ثناء اللہ

وزیراعظم کی اب بھی ترجیح ہے خیبر پختونخوا حکومت آئین کے مطابق کام کرے، مشیر وزیراعظم کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ ایمرجنسی لگانا پسندیدہ عمل نہیں، تاہم اگر خیبر پختونخوا حکومت اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری نہیں کرے گی اور وفاقی حکومت پر چڑھ دوڑے گی تو آئین میں راستہ موجود ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعظم کی اب بھی ترجیح ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت آئین کے مطابق کام کرے لیکن اگر صوبائی حکومت غیر آئینی اقدامات سے باز رہنے کی (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں 4 تجارتی جہازوں پر حملے عالمی تواناؤں کیلئے بحران کا خدشہ

خام تیل بردار جہاز کے بائیں جانب نامعلوم گولہ لگا، تاہم واقعے میں جانی نقصان یا نقصان کی مکمل تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئی ہیں اور تحقیقات جاری ہیں

یو کے ایم ٹی او نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو محتاط رہنے اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی فوری اطلاع دینے کی ہدایت کی ہے

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں جہاز رانی معمول پر آنے کے بجائے مزید متاثر ہونے لگی، جس سے تیل و گیس کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ برطانوی میری ٹائم ادارے یو کے ایم ٹی او کے مطابق 29 ستمبر کو آبنائے ہرمز میں 3 تجارتی بحری جہاز نامعلوم سمت سے آنے والے گولہ نما حملوں کی زد میں آئے، جن میں ایک خام تیل بردار، ایک مائع قدرتی گیس (ایل این جی) بردار (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف کا توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے کا مطالبہ

آئی ایم ایف کا پاکستان پر گردشی قرضہ کے اہداف کے حصول کو یقینی بنانے پر زور، 1600 ارب تک محدود رکھنا ہدف ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف جائزہ ٹیم کے درمیان ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت چوتھے اقتصادی جائزہ کیلئے جاری مذاکرات میں آئی (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

منصفانہ سماعت اور دفاع کا حق آئین کے تحت بنیادی تقاضا ہے، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کو چارج شیٹ میں عائد الزامات سے مختلف یا اضافی الزامات کی بنیاد پر سزا نہیں دی جا سکتی، (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

آزادی اظہار رائے کیلئے عدالت میں موزوں جگہ فراہم کردی، جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ سردار محمد سرفراز ڈوگر نے کہا ہے کہ آزادی اظہار رائے کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ میں موزوں جگہ فراہم کردی ہے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے اہم ملاقات

جیکب آباد، اوستہ محمد، گڑھی خیرو اور لاڑکانہ کے عوام غریب ہیں اور ان کیلئے سستی سواری ریلوے ہی ہے ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے یہاں کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ہے، ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پٹرول پر ناجائز ٹیکسز اور بھتہ خوری کا خاتمہ کیا جائے، مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کو امن دو، عوامی مطالبات تسلیم کیے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن اور بھتہ خوری کا خاتمہ کیا جائے، پٹرول پر ناجائز ٹیکسز مطالبات تسلیم کیے جائیں، باڈر تجارت بحال کی جائے، نوجوانوں (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

حکومت ایسے فلاحی منصوبوں کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کیلئے پرعزم ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت بزرگ شہریوں کے احترام کو الفاظ سے بڑھ کر پالیسی سازی، ادارہ جاتی اصلاحات اور موثر عملی اقدامات میں ڈھالنے کیلئے پرعزم ہے، صوبائی حکومتیں، سول سوسائٹی کی تنظیمیں اور نجی شعبہ فلاحی (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی ڈائریکٹر انیتا ہرش کی سربراہی میں ڈبلیو ایف پی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ڈیزائن ونگ محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سلیم کھوسہ

ڈیزائن ونگ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے مزید جدید آلات اور تربیت یافتہ تکنیکی عملے کی ضرورت ہے

تکنیکی عملے میں اضافے اور جدید سہولیات کی دستیابی سے ڈیزائن ونگ زیادہ تیز معیاری اور مؤثر انداز میں خدمات انجام دے سکے گا

آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ ڈیزائن ونگ محکمہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ جدید مشینری آلات اور تکنیکی عملے کی فراہمی سے نہ صرف محکمہ کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی بلکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور تکمیل کا عمل بھی مزید (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

جعلی ادویات کے خاتمے سے معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی، وزیر صحت

وزیر صحت کی زیر صدارت پاکستان ویٹرنری فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کا اجلاس، ادویات پر 2D بارکوڈ کے نفاذ پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت نے کہا ہے کہ جعلی ادویات کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے جس کے بعد معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی۔ تفصیلات (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

کارکن پیپلز پارٹی کا اثاثہ ہیں، انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ کی (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

پاکستان امن چاہتا ہے، افغانستان کو کراس بارڈر دہشتگردی روکنا ہوگی، طلال چوہدری

اقوام متحدہ سمیت دیگر ادارے کہہ چکے افغانستان میں متعدد دہشتگردوں کے ٹھکانے ہیں، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں انسداد دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام، مؤثر قانون سازی اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کے حوالے سے محکمہ داخلہ بلوچستان اور برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے خصوصی شرکت کی، جبکہ ارکان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، شاہدہ رؤف اور دیگر متعلقہ حکام و نمائندگان بھی موجود (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

پاک-چین دوستی نے ہر امتحان کا سامنا کیا ہے، ہمارے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، وزیراعظم

صدر شی جن پنگ کی قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے چین کی 77 ویں سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کا عالمی امن اور ترقی میں اہم کردار ہے اور ہم چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

میر صادق عمرانی سے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ملاقات

جیکب آباد، اوستہ محمد، گڑھی خیرو اور لاڑکانہ کے عوام غریب ہیں اور ان کیلئے سستی سواری ریلوے ہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے یہاں کوئٹہ میں اہم ملاقات کی ہے، ملاقات کے دوران ملکی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے مختلف امور اور بلوچستان میں ریلوے کے نظام کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے، بلال اکبر

قائم لاشاری کی پیشہ ورانہ خدمات اور تجربہ ادارے کیلئے قابل قدر رہے ہیں جبکہ ان کی محنت اور کاوشوں کو یاد رکھا جائے گا

ادارے کی ترقی اور اہداف کے حصول کیلئے ٹیم ورک بنیادی اہمیت رکھتا ہے، وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال اکبر خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں اور صوبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے اور صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر علی مدد کے ملاقات کر رہے ہیں

عوامی شمولیت کے بغیر ترقی کا عمل ادھورا ہے، نسیم الرحمان ملاخیل

حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کیلئے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے

صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے، صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف وفود نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل پر تفصیل سے گفتگو کی اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے صوبائی حکومت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے ان پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ نسیم الرحمان خان ملاخیل نے وفود کو بتایا کہ صوبائی حکومت ترقی اور عوامی فلاح کے ساتھ ساتھ ماحول کے تحفظ کو بھی اپنی پالیسیوں کا اہم حصہ بنا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں تعلیم، صحت، روزگار، پینے کے صاف پانی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

ایل پی جی کی قیمتوں میں بڑا اضافہ، اوگرا نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ایل پی جی کی قیمت میں بڑا اضافہ کر دیا (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا سوال قبل از وقت ہے، عطاء تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی طور پر بہت کمزور ہو چکی ہے، نہیں لگتا (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

حکومت عوامی سہولیات کی بروقت تکمیل اور بہتر سفری نظام کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

عام شہریوں کیلئے یہ منصوبہ روزمرہ سفر کو مزید آسان بنانے، وقت اور سفری اخراجات میں کمی لانے کی جانب ایک اہم قدم ہے

جو کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کیلئے سفری سہولیات میں بہتری کا ذریعہ بنیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ ٹرین/ جناح پیپلز ٹرین کو صوبائی حکومت کی جانب سے کوئٹہ کے عوام کیلئے ایک عظیم تحفہ قرار دیا ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ماس ٹرانزٹ ٹرین کا افتتاح وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کو جدید، محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

سرمایہ کاروں کو پالیسی کے تسلسل، شفافیت اور کاروباری سہولتوں کا یقین دلائیں، عبدالقادر

وزیراعظم نے عالمی سرمایہ کاروں کے سامنے پاکستان کی معاشی اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن اور معاشی استحکام کو اجاگر کر کے ایک مثبت پیغام دیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کا لندن اسٹاک ایکسچینج کے تجارتی سیشن کا افتتاح اور پاکستان کے تین ارب ڈالر کے دو حصوں پر مشتمل خود مختار یورو بانڈز کی تقریب میں شرکت اہم معاشی سفارتی پیشرفت ہے۔ شہباز شریف یہ اعزاز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی وزیراعظم ہیں، اور یہ پیشرفت عالمی مالیاتی منڈیوں میں پاکستان پر سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری ثقافت و سیاحت حمید اللہ ناصرود دیگر علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

نوجوان نسل ملک اور معاشرے کی ترقی میں ہم کردار ادا کر سکتی ہے، راحیلہ درانی

قانون سازی، ادارہ جاتی تعاون اور مربوط حکمتِ عملی کے ذریعے انسدادِ دہشت گردی کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے

پالیسی سازی میں پارلیمنٹیرینز، متعلقہ سرکاری اداروں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اہم ہے، صوبائی وزیر تعلیم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں انسدادِ دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام، مؤثر قانون سازی اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کے حوالے سے محکمہ داخلہ بلوچستان اور برٹش ہائی کمیشن اسلام آباد کے تعاون سے پالیسی ڈائیلاگ کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ ارکان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، شاہدہ رؤف اور دیگر متعلقہ حکام و نمائندگان بھی موجود (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

ایم ٹی آنر 25 بازیابی آپریشن عملے کے 5 ارکان جاں بحق، تین پاکستانی شامل ہیں، پاکستان

جبوتی میں پاکستانی سفارتخانے کی ٹیم پاکستانی شہریوں کی مدد کیلئے بندر بیلا روانہ ہوگئی ہے

زخمیوں میں 3 پاکستانی شامل ہیں، زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر کے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بحری جہاز ایم ٹی آنر 25 کی بازیابی آپریشن کے دوران عملے کے 5 ارکان جاں بحق ہوئے جن میں 3 پاکستانی رفیع اللہ، کاشف عمر اور محمود انصاری شامل ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے جاں بحق افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق ایم ٹی آنر 25 کے عملے کے 4 ارکان زخمی ہوئے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

کلیئنکس پر POS سسٹم کا نفاذ ناقابلِ قبول، پیپا کا ایف بی آر کی پالیسی مسترد کرنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیپا) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے کلینکس پر پوائنٹ آف سیل (POS) (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

حکومتی نااہلی کے باعث قزاقوں کے ہاتھوں گھر کے کفیل دنیا سے چلے گئے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت شہید سید کاشف عمر کا جسد خاکی جلد از جلد پاکستان لانے کے اقدامات کرے، حافظ نعیم الرحمٰن کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر علی مدد کے ملاقات کر رہے ہیں

افغانوں کے منسوخ کارڈ بحالی کیلئے 12 کروڑ لینے والا اسسٹنٹ ڈائریکٹر نادرا گرفتار

چھاپے کے دوران گھر سے 19 لاکھ روپے برآمد، باقی رقم سے پلاٹ خریدے گئے، ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) افغانوں کے منسوخ شناختی کارڈ بحال کرنے کیلئے 12 کروڑ لینے والا اسسٹنٹ ڈائریکٹر آفتاب کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم نے شناختی کارڈ بحال کرنے کیلئے 12 کروڑ روپے وصول کیے۔ سی ٹی ڈبلیو نے ہوئے افغان شہریوں کے منسوخ شدہ شناختی کارڈ بحال کرنے کی کوشش کے الزام میں نادرا کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آفتاب کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم نے شناختی کارڈ بحال کرنے کیلئے 12 کروڑ روپے وصول کیے۔ سی ٹی ڈبلیو نے ملزم کی گرفتاری کے بعد اس کے گھر پر بھی چھاپا مارا۔

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

وزیراعظم کا لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری کیلئے پرکشش مواقع سے مستفید ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کیلئے بھی اہم کردار ادا کررہے ہیں۔شہباز شریف پاکستان کے پہلے وزیراعظم ہیں جن کو لندن سٹاک ایکسچینج ٹریڈنگ اوپننگ کا اعزاز حاصل ہوا۔لندن سٹاک ایکسچینج آمد پر لندن سٹاک ایکسچینج گروپ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈیوڈ شوئمر اور سینئر حکام نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔اس موقع پر پاکستان کے 3 ارب ڈالر کے Dual Tranche یورو بانڈز لسٹنگ کی بھی تقریب رونمائی منعقد ہوئی۔لندن سٹاک ایکسچینج کی اس تقریب کا افتتاح کرنا میرے لیے باعث مسرت اور اعزاز ہے، یہ تقریب یقیناً پاکستان کی معیشت کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگی، میں یہ بات اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ ہم نے اپنے معاشی اشاریوں کو نمایاں طور پر بہتر کیا ہے جو مستقبل کیلئے نہایت حوصلہ افزا اور امید افزا ہیں۔انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی جانب سے تین ارب ڈالر مالیت کے یورو بانڈز اور خودمختار قرضوں کے انتظام کی کامیابی اس امر کی واضح مثال ہے، یہ ہماری بھرپور محنت، گہری اور بنیادی نوعیت کی ساختی اصلاحات، معیشت کو ڈیجیٹل بنانے اور معیشت کو دوبارہ درست سمت میں گامزن کرنے کیلئے کئے گئے تمام ضروری اقدامات کا عملی ثبوت ہے۔اگر خلیجی بحران پیدا نہ ہوا ہوتا تو ہم بھی دیگر ابھرتی ہوئی معیشتوں کی طرح تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے، ہم اس چیلنج سے نمٹنے کے ساتھ ساتھ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی اور قیام امن کیلئے بھی اپنا اہم کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نیامید ظاہر کی کہ ہم اسی سمت میں اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، یہاں تک کہ ہم ایک محفوظ اور مستحکم مقام تک پہنچ جائیں۔ایک بار پھر وزیر خزانہ، دیگر متعلقہ اقتصادی وزرا، سیکرٹریز اور حکومتی افسران کی کاوشوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے ہماری معیشت کی تعمیر اور بہتری کیلئے قابل ذکر کام کیا ہے۔اب وقت آ گیا ہے کہ خلیجی بحران کے تناظر میں ہم نئے اسباق سیکھیں، سرمایہ کار اب محفوظ تر منڈیوں کا جائزہ اور تجزیہ کررہے ہیں

مبارکبادیں اور مشکلات

سعید آسی

آج کل پاکستان کے لئے، وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے لئے اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کے لئے دنیا بھر میں مبارکبادوں اور داد و تحسین کے ڈونگرے برس رہے ہیں۔جس بھی علاقائی اور عالمی فورم پر امریکہ، ایران کشیدگی کے حوالے سے تشویش کا اظہار ہوتا ہے تو ساتھ ہی مفاہمت کاری کے لئے پاکستان بالخصوص فیلڈ مارشل کے کردار کی ستائش بھی راحتِ جاں کا باعث بنتی ہے۔یو این جنرل اسمبلی کا 81 واں سالانہ اجلاس تو آج اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔اس اعلامیہ سے ہی اندازہ ہو پائے گا کہ یہ عالمی فورم امریکہ ایران کشیدگی ختم کرانے، فلسطینیوں کو اسرائیلی بربریت سے نجات دلانے اور پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے والے بھارت اور افغانستان کے ہاتھ رکوانے میں کس حد تک کامیاب ہو پایا ہے اور اب اس نمائندہ عالمی ادارے کی کوئی حیثیت و اہمیت برقرار بھی رہی ہے یا نہیں البتہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کو جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر نیویارک میں قیام کے دوران جو سرخروئیاں حاصل ہوئی ہیں اور ان کے نام اور کام کے جس دھوم دھڑ کے کے ساتھ ڈنکے بجے ہیں، ہم اس اطمینان کو اپنے دلوں میں بسا کر کم از کم خواب میں تو پاکستان کو مضبوط تر اور عوام کو خوشحال ہوتا دیکھ سکتے ہیں۔ جنرل اسمبلی میں کی گئی وزیراعظم کی تقریر پر ٹرمپ خوشی سے نہال ہیں جنہوں نے ان کی تقریر کا ایک کلپ اپنے سوشل میڈیا فورم پر بھی شیئر کر دیا ہے۔ان کی تقریر کے دوران فلسطینی خاتون مندوب کا چہرہ بھی ان کے لئے اظہارِ تشکّر کی تصویر بنا نظر آ رہا تھا اور یہ تقریر جنرل اسمبلی کی بے مثال و یادگار تقریر کے قالب میں ڈھل گئی جس پر بھارتی قیادتوں اور میڈیا کے چہروں پر ہوائیاں اُڑتی نظر آ رہی ہیں۔ بے شک وزیراعظم شہباز شریف کو نیویارک میں عالمی قیادتوں سے ملاقاتوں میں بھی سرخروئیاں حاصل ہوئی ہیں مگر میں آج نیویارک میں وزیراعظم شہباز شریف سے 23 ستمبر کو ہوئی آئی ایم ایف کی میجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا کی ملاقات کو ان سطور میں فوکس کرنا چاہتا ہوں۔ اس ملاقات کے وقت آئی ایم ایف کا اعلیٰ سطح کا وفد بھی پاکستان پہنچ چکا تھا جس کی آمد کی اطلاع سن کر دکھیارے پاکستانی عوام کے چہروں پر ہوائیاں اُڑنے لگیں کہ نہ جانے اس وفد کے پاکستانی حکام سے ہونے والے مذاکرات کے نتیجہ میں ان پر نئے ٹیکسوں اور مزید مہنگائی کی صورت میں مزید کیا افتاد ٹوٹتی ہے۔ ہمارے حکمران تو پٹرولیم لیوی اور بجلی، گیس، پانی، ادویات کے نرخوں میں اضافہ در اضافہ کا سارا ملبہ آئی ایم ایف پر ڈال دیتے کہ اس کی شرائط کی من و عن تعمیل کے لئے ہم مجبور ہیں مگر آئی ایم ایف کی میجنگ ڈائریکٹر نے اس "الزام" کی وضاحت یہ واشگاف اعلان کر کے کی ہے کہ آئی ایم ایف نے پاکستانی حکام کو بھی یہ نہیں کہا کہ ٹیکس لگا کر غریب عوام کا خون نچوڑو اور مراعات یافتہ طبقہِ اُمرا کو ہرگز نہ چھیڑو۔ انہیں اپنی عیش و عشرت کی زندگی میں پھلنے پھولنے دو اور ان کے حصے کے ٹیکس بھی غریب عوام کی جھولی میں ڈال دو۔ ان کے بقول ہم تو پاکستانی حکام کو یہی مشورہ دیتے ہیں کہ عام عوام کو ٹیکسوں میں جکڑنے کی بجائے امراء اور اشرافیاؤں کو ٹیکس نیٹ میں لاؤ۔ میڈیا رپورٹس تو یہی بتاتی ہیں کہ وزیراعظم شہباز شریف کو کرسٹالینا نے اپنی 23 ستمبر کی ملاقات میں پاکستان کی معیشت کی اصلاحات کے لئے جو مشورہ دیا وہ بھی غریب عوام پر اقتصادی بوجھ کم کرنے کا تھا۔ پھر اس مشورے کی تشریح اس کے بالکل الٹ کیوں نظر آتی ہے۔ حضور یہی تو ہمارا اصل روگ ہے کہ حکمران طبقات غریب عوام کو بتّی دِکھا کر ٹھُنی مارتے ہیں چنانچہ ہم آج بھی اسی سوال کے حصار میں ہیں کہ آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کے نام پر عوام پر ہی کیوں ہر بار مہنگائی کا بوجھ ڈالا جاتا ہے۔حضور والا، پٹرولیم مصنوعات پر لیوی، بجلی اور گیس کے نرخوں میں اضافہ، نئے ٹیکس، پہلے سے موجود ٹیکسوں میں اضافہ اور روزمرہ ضرورت کی اشیاء کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عام آدمی کے لئے زندگی کا بوجھ پہلے ہی ناقابل برداشت بنا چکی ہیں۔ ایسے میں اگر حکومت کی طرف سے ہر نئے اقدام کا جواز یہ پیش کیا جائے کہ ''آئی ایم ایف کی شرائط کے آگے ہم مجبور ہیں''

پاک فوج متعدد شعبوں میں کویتی افواج کی معاونت کرے گی

پاکستان-کویت "پروٹوکول معاہدہ 2026" نے پاکستان میں وسیع پیمانے پر جوش و خروش، فخر اور دعاؤں کے جذبات بیدار کیے ہیں، جو مسلح افواج پر عوام کے مضبوط اعتماد کا عکاس ہے۔ یہ معاہدہ پاکستان اور کویت کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور دفاعی تعاون کو مزید مضبوط کرتا ہے، جبکہ پاکستان آرمی کی مدد حاصل کرنے کا کویت کا فیصلہ فوج کی پیشہ ورانہ ساکھ اور جنگی صلاحیتوں کا اعتراف ہے اور ایک قابل اعتماد بین الاقوامی سیکیورٹی پارٹنر کے طور پر پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ کویت کی جانب سے اپنی فوج کو جدید بنانے کے عمل کے تحت یہ تعاون تربیت، صلاحیتوں میں اضافے، بارڈر مینجمنٹ اور دیگر باہمی اتفاق شدہ شعبوں کا احاطہ کرے گا۔ تربیت میں انفنٹری کے طریقہ کار، آرٹلری، آرمرڈ وارفیئر، ایوی ایشن، اسپیشل آپریشنز، انٹیلی جنس، نگرانی اور دیکھ بھال (استخبارات) شامل ہوں گے، جبکہ صلاحیتوں کی ساخت لاجسٹکس، خریداری، دیکھ بھال، مرمت اور کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کو بہتر بنائے گی۔ پاکستان سرحد پر تسلل اور اسمگلنگ کو روکنے اور کویت کی علاقائی سلامتی کی حفاظت کے لیے نگرانی، گشت کے طریقوں اور انٹیلی جنس شیئرنگ سمیت سرحدی سیکیورٹی کا تجربہ بھی شیئر کرے گا۔ سیکیورٹی ضروریات کے بدلنے کے ساتھ ساتھ اس شراکت داری میں مزید شعبوں کو شامل کیا جا سکتا ہے، جس سے دفاع، استحکام، قدرتی آفات میں امداد، اندرونی بحرانوں کے حل، امن قائم رکھنے اور امن و سیکیورٹی کے عزم میں پاکستان آرمی کے شاندار ریکارڈ سے قومی فخر کو مزید تقویت ملتی ہے۔ یہ معاہدہ اعلیٰ سطحی سیاسی و عسکری روابط، تعاون، باہمی احترام اور اہم دوروں کے سلسلے کے ذریعے طے پایا۔ کویت کے وزیر دفاع شیخ عبداللہ کی قیادت میں ایک وفد نے ،جس میں چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل خالد دراج سعد الشریان بھی شامل تھے، پاکستان کی وزارت دفاع کا دورہ کیا اور جی ایچ کیو جانے سے قبل وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں نے سیاسی اور عسکری اتفاق رائے قائم کیا، تعاون کے اسٹریٹجک مقاصد کو واضح کیا، اس شراکت داری کو دونوں حکومتوں کی خارجہ پالیسی کے اہداف کے ساتھ ہم آہنگ کیا اور کویتی وفد کو پاکستان آرمی کی قیادت سے براہ راست رابطہ قائم کرنے اور اس کی تنظیم، تربیتی طریقوں، آپریشنل صلاحیتوں، سہولیات، ساز و سامان اور تیاریوں سے آگاہی حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ کویتی وفد کی چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ ملاقات نے معاہدے کو حتمی شکل دینے اور نافذ کرنے کے لیے اسٹریٹجک سمت اور اعلیٰ سطحی توثیق فراہم کی۔ دونوں عسکری رہنماؤں نے علاقائی سیکیورٹی، مشترکہ خطرات اور باہمی چیلنجز سے نمٹنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کویت کے لیے اعلیٰ معیار کی مخصوص تربیتی اور صلاحیت ساز امداد کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ کویتی عسکری قیادت نے پاکستان کی مہمان نوازی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور ایک دیرپا، باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری کی خواہش پر زور دیا، جس میں دونوں فریقین نے دوطرفہ دفاعی روابط کو مضبوط بنانے اور علاقائی امن و استحکام کو مزید فروغ دینے کا عزم ظاہر کیا۔

طرفین کے درمیان ہونے والی ملاقاتیں ان کے مشترکہ نقطہ نظر اور دوطرفہ تعلقات کو نئی اور بے مثال بلندیوں تک لے جانے کے ان کے اجتماعی عزم کی ایک مضبوط اور واضح توثیق پر منتج ہوئیں۔ دونوں فریقین نے دو برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا، ایک ایسا عزم جو دوستی اور باہمی معاونت کی ایک طویل تاریخ پر مبنی ہے جو ہمیشہ سے پاکستان اور کویت کے تعلقات کی علامت رہی ہے۔ یہ توثیق صرف ایک سفارتی رسم نہیں تھی بلکہ ان گہرے اور دائمی رشتوں کا دلی اظہار تھی جو دونوں اقوام کو ایک ساتھ جوڑتے ہیں، ایسے رشتے جن کی بنیاد مشترکہ ایمان، یکساں ثقافتی اقدار اور علاقائی امن و استحکام کے باہمی مفاد پر قائم ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو ایک اسٹریٹجک اور باہمی طور پر فائدہ مند دفاعی شراکت داری میں بدلنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا گیا، ایک ایسی تبدیلی جو اب اچھی طرح سے جاری ہے اور جسے پروٹوکول معاہدے کی شقوں کے ذریعے عملی شکل دی جا رہی ہے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کو ایک طویل المدتی اور پائیدار تعلق کے طور پر دیکھا گیا ہے جو معاہدے کی مخصوص شقوں سے بالاتر ہو کر مشترکہ فوجی مشقوں، فوجی اہلکاروں کے باہمی تبادلے اور علاقائی سیکیورٹی کے امور پر قریبی ہم آہنگی سمیت تعاون کی وسیع سرگرمیوں کا احاطہ کرے گا۔ بین الاقوامی تعلقات کے تناظر میں لفظ "اسٹریٹجک" کا استعمال انتہائی معنی خیز ہے، کیونکہ یہ ایک ایسی شراکت داری کی نشاندہی کرتا ہے جو محض لین دین پر مبنی نہیں ہے بلکہ وسیع تر جیو پولیٹیکل منظرنامے کی مشترکہ تفہیم اور امن وسلامتی کو فروغ دینے کے لیے ایک جیسے عزم پر مبنی ہے۔ اس حقیقت کا اتنا ہی اہم ہونا کہ اس شراکت داری کو "باہمی طور پر فائدہ مند" قرار دیا گیا ہے، اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دونوں ممالک کو اپنے اس تعاون سے ٹھوس اور پائیدار فوائد حاصل ہوں گے، خواہ وہ بڑھی ہوئی عسکری صلاحیتوں کی شکل میں ہوں، زیادہ اسٹریٹجک اثر و رسوخ کی صورت میں ہوں یا پھر مضبوط معاشی و سفارتی تعلقات کی صورت میں۔ یہ متوازن اور مساوی طرزِ عمل ایک پائیدار اور مضبوط شراکت داری کی بنیاد ہے جو وقت کی آزمائش اور بدلتے ہوئے جیو پولیٹیکل حالات کے اثرات کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ پاکستانی قوم کے لیے یہ انتہائی خوش آئند خبر ہے جو اپنی فوج کو اتنا مضبوط دیکھ کر مسرور رہے کہ وہ اب دوسرے ممالک کی معاونت کررہی ہے، یہ ایک ایسا احساس ہے جو ملک بھر میں ہونے والی بے شمار گفتگوؤں اور مبارکباد کے پیغامات میں گونج رہا ہے۔ اس خبر نے پاکستانیوں کے دلوں کو بے پناہ خوشی اور اطمینان سے بھر دیا ہے، کیونکہ یہ ان کے اس دیرینہ عقیدے کی تصدیق کرتی ہے کہ ان کی فوج ایک عالمی سطح کا ادارہ ہے جو بین الاقوامی سطح پر اپنا مقام برقرار رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔قوم کی اس خوشی کی جڑیں ان قربانیوں کے لیے گہرے ممنونیت کے احساس میں پیوست ہیں جو پاکستان کے سپاہیوں نے سالہا سال کے دوران دی ہیں، ایسی قربانیاں جنھوں نے ملک کی سلامتی و خوشحالی کو یقینی بنایا اور اسے ایک بہترین عسکری طاقت کے طور پر شہرت دلائی۔ لوگ مختلف طریقوں سے اپنی خوشی اور فخر کا اظہار کررہے ہیں، پرچم لہرانے اور مٹھائیاں بانٹنے سے لے کر سوشل میڈیا پر حمایت کے پیغامات شیئر کرنے اور فوج کی قیادت کی بصیرت و دور اندیشی کی تعریف کرنے تک۔ اس وسیع تر عوامی حمایت کی موجودگی پاکستانی عوام اور ان کی فوج کے درمیان قائم اس مضبوط رشتے کا ایک زبردست ثبوت ہے

اقوام متحدہ: وزیراعظم کی عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں

اسد اللہ غالب

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا سالانہ اجلاس محض ایک سیاسی فورم نہیں ہوتا جہاں عالمی رہنما آکر تقریریں کریں اور چلے جائیں، بلکہ اس اجلاس کی اصل روح، وژن اور سفارتی طاقت وہ دوطرفہ اور کثیر الجہتی ملاقاتیں ہوتی ہیں جو نیویارک کی راہداریوں اور بند کمروں میں منعقد ہوتی ہیں۔ ہر سال ستمبر میں دنیا بھر سے آئے ہوئے صدور، وزرائے اعظم اور بین الاقوامی اداروں کے سربراہان جب ایک ہی چھت تلے جمع ہوتے ہیں، تو ان کے درمیان ہونے والے مذاکرات مستقبل کی جیو پولیٹیکل سمت کا تعین کرتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا نیویارک کا حالیہ دورہ بھی محض جنرل اسمبلی کے منبر سے خطاب تک محدود نہیں تھا، بلکہ انہوں نے وہاں عالمی رہنماؤں، مالیاتی اداروں کے سربراہان اور بین الاقوامی تنظیمی قائدین سے متواتر ملاقاتیں کر کے پاکستان کے معاشی، سفارتی اور امن کے مقدمے کو نہایت جامع انداز میں پیش کیا۔ پاکستان کو درپیش موجودہ معاشی چیلنجز، خطے کی جیو پولیٹیکل صورتحال، اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے تناظر میں یہ دورہ انتہائی اہمیت کا حامل تھا۔ وزیراعظم نے ان سائڈ لائن ملاقاتوں میں جس حکمتِ عملی اور پیشہ ورانہ تیاری کے ساتھ پاکستان کا موقف رکھا، اس نے عالمی برادری میں پاکستان کی سفارتی موجودگی اور معاشی اہمیت کو ازسرِ نو اجاگر کردیا ہے۔
نیویارک میں وزیراعظم شہباز شریف کی سفارتی مصروفیات کا ایک بڑا اور اہم ترین محور پاکستان کے دیرینہ اور روایتی دوست ممالک کے سربراہان سے ملاقاتیں تھیں۔ اسلامی دنیا، بالخصوص خلیجی برادر ممالک اور ترکیہ کے ساتھ تعلقات کو روایتی سفارت کاری سے آگے بڑھا کر ٹھوس معاشی اور تزویراتی شراکت داری میں بدلنا اس دورے کی بنیادی ترجیح تھا۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان کے ساتھ وزیراعظم کی ملاقات انتہائی گرمجوش اور برادرانہ ماحول میں ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت کے حجم کو جلد از جلد 5 ارب ڈالر تک لے جانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اس ملاقات میں صرف معاشی امور ہی نہیں، بلکہ کشمیر، فلسطین اور مغربی دنیا میں بڑھتے ہوئے اسلاموفوبیا جیسے حساس عالمی موضوعات پر بھی یکساں اور مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے پر اتفاق ہوا۔ اسی طرح خلیجی ممالک اور دیگر عرب ریاستوں کے سربراہان اور اعلیٰ حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں میں وزیراعظم نے پاکستان کا نیا اقتصادی نقطہ نظر پیش کیا، جو کہ ''امداد کے بجائے تجارت اور سرمایہ کاری'' پر مبنی ہے۔ انہوں نے عرب قیادت کو پاکستان میں بننے والی خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (SIFC) کے طریقہ کار، شفافیت اور مراعات سے تفصیل کے ساتھ آگاہ کیا اور انہیں زراعت، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی باضابطہ دعوت دی، جسے برادر ممالک نے انتہائی مثبت انداز میں سراہا۔
پاکستان کے موجودہ اقتصادی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے نیویارک دورے کے دوران عالمی مالیاتی اداروں اور اقتصادی تنظیموں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ہونے والے مذاکرات نہایت کلیدی حیثیت رکھتے تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کی مینجنگ ڈائریکٹر، عالمی بینک کی قیادت اور دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے سربراہان سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ ان میٹنگز کا بنیادی ہدف پاکستان میں نافذ العمل معاشی اصلاحاتی ایجنڈے پر عالمی اداروں کا اعتماد بحال کرنا اور ملک کی مالیاتی پائیداری کے لیے عالمی برادری کا تعاون حاصل کرنا تھا۔ وزیراعظم نے مالیاتی اداروں کی قیادت پر زور دیا کہ پاکستان معاشی نظم وضبط اور سخت اصلاحات پر مکمل طور پر کاربند ہے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ بین الاقوامی ادارے ترقی پذیر ممالک پر قرضوں کا بوجھ کم کرنے اور ان کے عوام کو معاشی ریلیف دینے کے لیے زیادہ لچکدار، منصفانہ اور حقیقت پسندانہ پالیسیاں اپنائیں۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان معاشی استحکام کی سمت بڑھ رہا ہے اور تمام تر بین الاقوامی مالیاتی وعدوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ عالمی اداروں کے سربراہان نے پاکستان کی حکومت کی جانب سے کیے جانے والے ساختہ اصلاحاتی اقدامات اور مالیاتی نظم و ضبط کی تعریف کی اور پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور سماجی بہبود کے منصوبوں میں تعاون جاری رکھنے کا اعادہ کیا۔
موسمیاتی تبدیلی اور اس سے پیدا ہونے والے قدرتی المیے پاکستان کا ایک ایسا مقدمہ ہیں جس نے عالمی سطح پر پاکستان کو ایک منفرد اور اہم مقام دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس اور یورپی ممالک کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتوں کے دوران وزیراعظم نے ''کلائمیٹ جسٹس'' یعنی موسمیاتی انصاف کا نقطہ نظر پوری قوت سے اٹھایا۔ سیکرٹری جنرل سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان میں جاری بحالی کے کاموں، ریلیف کی کوششوں اور بنیادی ڈھانچے کی دوبارہ تعمیر سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان عالمی سطح پر کاربن کے اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا حصہ دار ہے، مگر وہ موسمیاتی تباہ کاریوں کے فرنٹ لائن پر موجود ہے۔ یورپی اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے سربراہان کے ساتھ ایک گول میز کانفرنس کے دوران بھی وزیراعظم نے مطالبہ کیا کہ ''کلائمیٹ فنانس'' کے نام پر دی جانے والی امداد کو آسان، شفاف اور بلاسود بنایا جائے

وفاقی حکومت کا لاڑکانہ کے عوام کیلئے موہن جودڑو مسافر ٹرین دینے کا شکریہ

20 ستمبر 2026ء کو پاکستان مسلم لیگ کی وفاقی حکومت کے ریلوے کے وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی صاحب کی جانب سے گہری دلچسپی کے باعث پاکستان کے صوبہ سندھ کے ضلع

تحریر: عبدالفتاح عباسی

لاڑکانہ کے عوام ایک موہن جودڑو مسافر ٹرین کا افتتاح کیا گیا، یہ موہن جو دڑو ریلوے اسٹیشن سکھر سے کوٹری تک اور کوٹری سے سکھر جانب روانہ ہوگی، اس سے قبل خیبر پختون خواہ صوبہ سے خوشحال خان خٹک مسافر ٹرین پشاور سے کراچی اور صوبہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ سے کراچی

بولان میل چلا کرتی تھی، اس کو سالوں سے بند کردیا گیا ہے، مگر سندھ کے ضلع لاڑکانہ کے بیس لاکھ سے زیادہ عوام کو دونوں مسافر ٹرین بولان میل اور خوشحال خان خٹک مسافر ٹرین کی شدت سے کمی محسوس ہورہی ہے، جس کو فوراً چلایا جائے، موجودہ دور میں سفری سہولیات پوری دنیا میں اپنے ملک کے عوام کو فراہم کی جاتی ہے کیونکہ جب عوام کو تیز تر سفری سہولت ملے گی تو پھر عوام کے ساتھ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا،

ہمارے ملک میں ویسے تو تمام صوبوں کے عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ریلوے ٹرینوں کی آمدورفت کی سہولیات بآسانی دستیاب ہے مگر بدقسمتی سے دو وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے شہر لاڑکانہ کے 20 لاکھ سے زائد عوام کو سفری سہولیات میں اس دور جدید میں بھی دو ٹرینوں ریلوے کی سہولیات کورونا کی وبائی بیماری آنے کے وقت سے چھین لی گئی ہے. ان ٹرینوں میں ایک خوشحال خان خٹک ایکسپریس جو کہ خیبر پختون خوا صوبے سے پشاور تا کراچی کیلئے چلتی تھی یہ واحد خوشحال خان خٹک ایکسپریس تھی جو کہ چاروں صوبوں کے عوام کو سہولت دیکر سندھ صوبہ کے کراچی شہر میں پہنچاتی تھی اسی خوشحال خان خٹک مسافر ٹرین پر سندھی، بلوچ، پختون اور پنجابی یعنی پختونخوا، پنجاب، بلوچستان اور سندھ صوبوں کا عوام سفر کرتا تھا. پشاور، جنڈ، اٹک، میانوالی، ڈیرا غازی خان، کوہاٹ ودیگر شامل ہیں. اسی طرح بلوچستان صوبے سے چلنے والی ٹرین ریلوے سہولیات میں بولان ایکسپریس کوئٹہ سے کراچی ایک عرصہ تک سندھ بلوچستان کے عوام کو ریلوے سفری سہولیات دی گئی. اسی طرح روھڑی سے کوٹری تک موہن جو دڑو ایکسپریس کی سہولت تھی جو کہ ایک بڑے عرصے تک شہید ذوالفقار علی بھٹو کے دور اقتدار سے بھی قبل کا تھا کہ لاڑکانہ کے عوام کو سفری سہولیات میں ٹرین چلتی رہی ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان کے صوبہ سندھ کے شہر لاڑکانہ جس شہر لاڑکانہ کی اپنی ایک ہسٹری تاریخ رہی ہے.

یہاں کی سیاسی شخصیات میں ملک کے اہم ترین سیاسی شخصیات پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین شہید ذوالفقار علی بھٹو اور اس کی پیاری صاحبزادی شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ اور موجودہ پاکستان پیپلز پارٹی کا چیئرمین، لاڑکانہ کے حلقہ این اے 200 کا ممبر قومی اسمبلی و سابق وفاقی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری بھی لاڑکانہ سے تعلق رکھتے ہیں. اتنی بڑی سیاسی شخصیات کے باوجود بھی اسی شہر لاڑکانہ کیلئے نہ ہوائی جہاز کی کوئی سہولت میسر ہے نہ ہی ریلوے کی سہولیات دی گئی ہیں. اگر بولان ایکسپریس کوئٹہ تا کراچی اور خوشحال خان خٹک ایکسپریس پشاور تا کراچی وایا لاڑکانہ سے چلائی جاتی ہے جیسے پہلے سالہا سال سے چلتی آرہی تھیں مگر سابق وزیراعظم عمران خان اور بعد میں وزیراعظم شہباز شریف نے پانچ سالوں سے ہمارے علاقے لاڑکانہ سے ٹرین بند کررکھی ہیں. 20 جولائی 2023 کو بڑی کوششوں کاوشوں اور لاڑکانہ کے عوام کے جدوجہد ایک بھرپور عوامی احتجاجی تحریک شروع کرنے کے بعد مشکل سے لاڑکانہ کیلئے ٹرین ریلوے کی سہولت موہن جو دڑو ریلوے کی دی گئی. جس میں ایم این اے لاڑکانہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، محترمہ فریال ؟الپر صاحبہ، پی پی پی چیئرمین کے پولیٹیکل سیکرٹری جمیل احمد سومرو، سابق صوبائی وزیر سہیل انور سیال، خورشید احمد جونیجو، اعجاز علی لغاری، انور علی نواز لہر سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کی کاوشیں شامل ہیں.

لاڑکانہ کا عوام سندھ میں تیزی سے بڑھتی ہوئی بدامنی کی وجہ سے شدید پریشان ہے اور دیگر آمد و رفت کے بجائے ایک بڑا تعداد لاڑکانہ سے کراچی یا لاڑکانہ سے لاہور اسلام آباد ودیگر شہروں کی جانب ٹرین ریلوے سہولیات کا مطالبہ کررہا ہے کہ لاڑکانہ کے عوام کو خدارا دیوار سے مت لگائیں اور دیگر علاقوں شہروں کی طرح سندھ کے اس شہر لاڑکانہ کو بھی سفری سہولیات دیتے ہوئے کورونا کو ختم ہوئے کیئے سال گذر گئے ہیں مگر ابھی تک موجودہ پاکستان مسلم لیگ نواز حکومت جس سے پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت الحاق بنا ہوا ہے. انتخابات سے قبل جاتے جاتے آخر میں نیکی یہ کام کیا جائے اور لاڑکانہ کے بیس لاکھ سے زائد عوام کو بولان ٹرین ایکسپریس اور خوشحال خان خٹک ایکسپریس ٹرین چلا کر لاڑکانہ کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا جائے. اسی طرح شہر ایک دوسرے کے قریب رہنے کے ساتھ ساتھ کاروبار بزنس اور معاشی طور پر ملک مستحکم ہونے لگے گا. لاڑکانہ کے عوام کی یہی نہیں بلکہ دیگر ٹرین ریلوے چلانے کا بھی مطالبہ ہے کہ لاڑکانہ شہر کے عوام کو نظر انداز کرنے کے بجائے لاڑکانہ کے عوام کی آواز مطالبے پر توجہ دیکر شہریوں سے احساس محرومی ختم کی جائے. آپ اندازہ نہیں کرسکتے ہیں جو 20 جولائی 2023 سے صرف روھڑی سے کوٹری ٹرین موہن جودڑو کو کہ روھڑی شہر، حبیب کوٹ، رک، مدیجی، سرشاہنواز بھٹو، لاڑکانہ، باقرانی، موہن جودڑو، رادھن، بالی شاہ، رحمانی نگر، پھلجی، پیارو گوٹھ، دادو، سہون شریف سمیت دیگر شہروں سے موہن جودڑو ٹرین شروع ہونے سے بہت شہروں علاقوں کے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ خوشی مسرت ہوئی ہے اور اسی طرح روھڑی سے کوٹری تک لاکھوں عوام کو ایک بہتر سفری سہولت مل گئی ہے مگر لاڑکانہ اور دیگر شہروں علاقوں کے عوام کا دیرینہ مطالبہ یہ ہے کہ لاڑکانہ ریلوے ٹریک سے پہلی والی ٹرین خوشحال خان خٹک ایکسپریس اور بولان میل ایکسپریس کے علاوہ دیگر تیز تر شالیمار ایکسپریس، گرین ایکسپریس وے دیگر ملک کے دیگر صوبوں وشہریوں کیلئے ریلوے کی سہولیات دی جائیں اس طرح سندھ کا عوام بھی محسوس کریگا کہ ہم بھی اس ملک کے رہنے والے ہیں اور ملک میں سب سے زیادہ گیس، کوئلہ، پٹرول، بندرگاہ سمیت دیگر ملکی معاشی بہتری کیلئے نمایاں کردار صوبہ سندھ ادا کررہا ہے تو پھر صوبہ سندھ کے چوتھے بڑے شہر لاڑکانہ کے لاکھوں عوام کو ریلوے کی سہولت سے محروم کرنا قابل افسوس کی بات ہے. لاڑکانہ کا عوام بسوں، کوچز، ویگنوں و دیگر تمام سواریوں کے مقابلے میں قدیم سواری ریلوے کو پسند کرتا ہے کیونکہ یہ ٹرین کا سفر آرام دہ اور بہتر پایا جاتا ہے. دنیا کہاں سے کہاں تک پہنچی ہے مگر ہم پاکستان کے 79 سالا تاریخ میں لاڑکانہ کے رہائشی ریلوے کی سہولت سے بھی محروم ہیں. وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی، ایم این اے لاڑکانہ بلاول بھٹو زرداری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سندھ کے تاریخی شہر لاڑکانہ کے عوام کو فوری طور پر ملک کے دور دراز علاقوں کے قریب لانے کے لیے



ریلوے کی سہولت فراہم کی جائے یہ لاڑکانہ کا عوام بھی اپنے عزیز و اقارب، رشتہ داروں سے ٹرین کی سفری سہولیات کی فراہمی کے بعد بآسانی سے مل سکے اور لاڑکانہ کی لاکھوں آبادی پر مشتمل عوام کے کاروباری، بزنس، معاشی فائدہ پہنچ سکے اور اس طرح ٹرین کی سہولت سے منڈی اور شہر ایک دوسرے سے قریب ہوسکیں. جس سے کروڑوں، اربوں روپے کا معاشی ملک کو فائدہ ہوسکتا ہے. یاد رہے کہ لاڑکانہ اور اس کے گردونواح کے علاقوں کے عوام کو 20 ستمبر 2026 ع کو مقامی لوکل سطح پر عوامی ریلوے کی موہن جودڑو مسافر ٹرین کا سکھر تا کوٹری اور کوٹری تا سکھر کیلئے موجودہ نواز حکومت کے وفاقی ریلوے کے وزیر محمد حنیف عباسی کے ہدایت پر افتتاح کیا گیا ہے، یہ لاڑکانہ، باقرانی، موہن جو دڑو، ڈوکری، باڈھ، رادھن، نو دیرو، بھونیٹ، نصرت اور شاہنواز بھٹو اسٹیشن وغیرہ کے عوام کو سفری سہولت مل گئی ہے، ماشاءاللہ موجودہ وفاقی حکومت اور وفاقی ریلوے کے وزیر محمد حنیف عباسی کی گہری دلچسپی کے باعث صرف ایک موہن جودڑو مسافر ٹرین سکھر تا کوٹری اور کوٹری تا سکھر کا افتتاح کیا گیا ہے، اس موہن جودڑو ریلوے مسافر ٹرین میں کوئی بھی ایئر کنڈیشن اے سی کی سہولت میسر نہیں ہے، حبیب کوٹ سے دادو تک ریلوے ٹریک کی مرمت کرائی جائے کیونکہ ریلوے بند ٹریک کی زبون حالت کے باعث ٹرین 20 سے 25 اسپیڈ رفتار سے ٹرین چلائی جارہی ہے، جب کہ اسپیڈ رفتار کم سے کم پچاس ہونی چاہیے، لاڑکانہ ریلوے اسٹیشن پر پینے کے ٹھنڈے پانی کی سہولت دی، پرانی ریلوے اسٹیشن کی عمارت پر مرمتی کام کرایا جائے اور ساتھ ساتھ لاڑکانہ کے عوام کو خوشحال خان خٹک مسافر ٹرین اور بولان میل سروس کی بنیادی سہولیات دی جائے، اگر موجودہ مسلم لیگ نون کی وفاقی حکومت ریلوے کا وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی صاحب چاہیں تو یہ دونوں بولان میل اور خوشحال خان خٹک مسافر ٹرین بھی ایک ہفتے میں ہی افتتاح کرسکتے ہیں اور لاکھوں کی آبادی عوام کو بنیادی آمدورفت کی سہولت مل سکتی ہے اور ان دونوں مسافر ٹرینوں کے شروع ہونے سے چاروں صوبوں کے عوام کو خصوصی آمدورفت کی اسپیشل سہولیات مل سکتیں ہیں.

☆☆☆☆

بقیہ 1

دفاعی معاہدے کے تحت پاکستان کی فوجی صلاحیتیں سعودی عرب کیلئے دستیاب ہوں گی۔وزیر دفاع نے کہا کہ وہ معاہدے کی تفصیلات میں نہیں جائیں گے،تاہم جب وہ کہتے ہیں کہ پاکستان اس انتظام کے تحت سعودی عرب کے دفاع کا پابند ہے تو اس کا مطلب ہے کہ پاکستان کے پاس موجود تمام وسائل سعودی عرب کیلئے بھی دستیاب ہوں گے۔خواجہ آصف نے حوثیوں کے خلاف کیے گئے فضائی حملوں میں پاکستان کی براہ راست شرکت کی واضح تصدیق نہیں کی اور یہ بھی نہیں بتایا کہ سعودی عرب نے پاکستان سے کسی مخصوص فوجی مدد کا مطالبہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حوثیوں نے سعودی عرب پر میزائل اور ڈرون حملے کیے ہیں جبکہ یمن میں بحیرہ احمر کے ساحل تک اپنا کنٹرول بھی وسیع کیا ہے۔وزیر دفاع نے حوثیوں کو جارح قرار دیتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کو مدد فراہم کرنے کے پاکستان کے عزم میں کوئی ابہام نہیں، سعودی عرب کا کوئی بھی دشمن پاکستان کا دشمن ہے۔خواجہ آصف نے سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان دفاعی معاہدے کو دفاعی نوعیت کا قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اتحاد کسی مخصوص ملک کے خلاف نہیں ہے۔تینوں ممالک معاہدے کے تحت سیکریٹریٹ قائم کر رہے ہیں اور اتحاد کا فریم ورک تشکیل دیا جا رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ دیگر ممالک نے بھی اتحاد میں شامل ہونے میں دلچسپی ظاہر کی ہے، تاہم فوری طور پر اس میں توسیع کا منصوبہ نہیں ہے۔تینوں ممالک نے اگست میں مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت کسی ایک رکن پر مسلح حملے کو تینوں کے خلاف حملہ تصور کیا جاتا ہے۔

بقیہ 2

کیلئے حکومت، عالمی اداروں اور متعلقہ شراکت داروں کے درمیان مربوط اور مشترکہ اقدامات ضروری ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کر رہی ہے اور اس ضمن میں عالمی اداروں کے تعاون کو اہمیت دیتی ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بچوں اور خواتین کو مناسب اور معیاری غذائیت کی فراہمی صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔غذائی قلت کا براہ راست تعلق انسانی صحت، بچوں کی نشوونما اور مجموعی انسانی ترقی سے ہے، اس لیے اس مسئلے کے حل کیلئے طویل المدتی اور پائیدار اقدامات ناگزیر ہیں۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان اور ورلڈ فوڈ پروگرام کے مشترکہ اقدامات صوبے میں غذائی قلت کے خاتمے اور غذائی تحفظ کے فروغ کیلئے نتیجہ خیز ثابت ہوں گے۔انہوں نے ورلڈ فوڈ پروگرام کے جاری منصوبوں کیلئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت باہمی تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کیلئے تیار ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان غذائی تحفظ اور انسانی ترقی کے شعبوں میں عالمی اداروں کے ساتھ تعاون کو مزید مؤثر بنائے گی تاکہ صوبے کے عوام بالخصوص بچوں اور خواتین کو بہتر غذائی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ملاقات میں ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے بلوچستان میں جاری اقدامات اور مستقبل کے پروگرامز کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 3

ایس سی او کے رکن ممالک کے نیشنل کوآرڈینیٹرز اور ایس سی او سیکریٹریٹ کے نمائندوں نے آخری روز نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق پاکستان کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کی 2026-27 کی صدارت کے دوران ایس سی او نیشنل کوآرڈینیٹرز (سی این سی) کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر 2026 تک اسلام آباد میں منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت پاکستان کیلئے ایس سی او کے نیشنل کوآرڈینیٹر نے کی جبکہ ایس سی او کے رکن ممالک کے نیشنل کوآرڈینیٹرز اور ایس سی او سیکرٹریٹ کے نمائندوں نے شرکت کی۔تین روزہ اجلاس کے دوران نیشنل کوآرڈینیٹرز نے پاکستان کی صدارت کے تحت طے شدہ سرگرمیوں کے پروگرام کا جائزہ لیا، اہم اقدامات پر پیش رفت اور آئندہ ایس سی او اجلاسوں اور تقریبات کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا۔اجلاس میں رکن ممالک کے درمیان رابطہ کاری مزید مضبوط بنانے اور پاکستان کی صدارت کی ترجیحات پر موثر عمل درآمد یقینی بنانے کے حوالے سے بھی خیالات کا تبادلہ کیا گیا۔یہ اقدامات پاکستان کی صدارت کے موضوع تصور کو عمل میں تبدیل کرنا: رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوشحالی کے مطابق ہوں گے۔طے شدہ پروگرام کے تحت ایس سی او کے وفود اور سیکرٹریٹ کے نمائندوں نے پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس (پی این سی اے) کا دورہ بھی کیا جہاں انہیں پاکستان کے بھرپور ثقافتی ورثے اور متنوع فنکارانہ روایات سے آگاہ کیا گیا۔وفد نے نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم کا بھی دورہ کیا جہاں انہیں 20 نومبر سے 2 دسمبر 2026 تک ہونے والے ایس سی او ہاکی ٹورنامنٹ کی میزبانی کے انتظامات اور پاکستان کی ایس سی او صدارت کے تحت اس ایونٹ کیلئے کی جانے والی تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔شرکت کرنے والے نیشنل کوآرڈینیٹرز نے 30 ستمبر 2026 کو وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی

بقیہ 4

آئینی دائرہ اختیار سے رجوع نہیں کر سکتے۔وفاقی آئینی عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلہ میں قرار دیا کہ جب ہائیکورٹ یہ فیصلہ کر دے کہ آئینی درخواست قابل سماعت نہیں تو وہ اسی مقدمے میں فریقین کے بنیادی حقوق یا تنازع کے میرٹ پر فیصلہ نہیں دے سکتی جبکہ سابقہ عدالتی فیصلوں کی پابندی ہائیکورٹ کے دائرہ اختیار میں اضافہ نہیں کرتی۔جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے چیف ایگزیکٹو آفیسر سکھر الیکٹرک پاور کمپنی (سیپکو) اور دیگر کی درخواست پر فیصلہ سنایا۔وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ سیپکو کمپنی قوانین اور متعلقہ قانونی فریم ورک کے تحت قائم بجلی کی تقسیم کار کمپنی ہے اور جواب دہندگان یہ ثابت نہیں کر سکے کہ ان کی ملازمت کی شرائط ایسے قانونی سروس رولز کے تحت ہیں جنہیں قانون کی حیثیت حاصل ہو۔عدالت نے قرار دیا کہ ملازمین کی تقرری، ترقی، تادیبی کارروائی اور ملازمت کی دیگر شرائط اگر معاہدے یا غیر قانونی حیثیت رکھنے والی سروس پالیسی کے تحت ہوں تو ایسے معاملات عموماً معاہدے اور متعلقہ سروس پالیسی کے دائرے میں آتے ہیں۔محض اس بنیاد پر کہ آجر ایک سرکاری شعبے کی کمپنی ہے یا عوامی اہمیت کے فرائض انجام دیتی ہے، ایسے تنازعات کو ہائیکورٹ کے آئینی دائرہ اختیار میں نہیں لایا جاسکتا۔عدالت نے سندھ ہائیکورٹ کے اس نتیجے کو برقرار رکھا کہ سیپکو ملازمین کی آئینی درخواست قابل سماعت نہیں تھی تاہم قرار دیا کہ ہائیکورٹ نے درخواست کو ناقابل سماعت قرار دینے کے بعد مقدمے کے میرٹ پر کارروائی کر کے قانونی غلطی کی

بقیہ 5

اور ممکنہ آئینی اقدامات کے تناظر میں وفاقی حکومت کی جانب سے صوبے کے حوالے سے جلد اہم فیصلہ متوقع ہے۔دوسری جانب خیبر پختونخوا کی سیاسی اور امن و امان کی صورت حال پر وفاقی حکومت میں مشاورت تیز ہوگئی، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اطلاعات عطااللہ تارڑ اور وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے شرکت کی۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے اجلاس کو خیبر پختونخوا سمیت ملک میں امن و امان کی صورت حال پر بریفنگ دی جبکہ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے صوبے سے متعلق آئینی اور قانونی امور سے آگاہ کیا۔وزیر داخلہ نے تحریک انصاف کی قیادت سے ہونے والے پس پردہ رابطوں کے بارے میں بھی وزیراعظم کو اعتماد میں لیا۔ذرائع کے مطابق اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ صورت حال سے نمٹنے کیلئے مختلف آئینی و قانونی آپشنز پر غور کیا گیا۔وزیراعظم نے فیصلہ کیا کہ کسی بھی اقدام سے قبل تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے گا۔وزیراعظم شہباز شریف کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات بھی متوقع ہے، جس میں خیبر پختونخوا کی صورت حال اور ممکنہ آئینی اقدامات پر مشاورت کی جائے گی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر غور کر رہی ہے اور اس کی وجہ سیاسی صورت حال یا لانگ مارچ نہیں بلکہ سیکیورٹی مسائل ہیں۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ صوبے میں دہشت گردی اور امن و امان کی صورت حال پر وفاقی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو تشویش ہے۔ ان کے مطابق وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان تعاون کی کمی بھی صورتحال کو پیچیدہ بنا رہی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی کے نفاذ اور چیف ایگزیکٹو کے اختیارات کسی کو دینے سمیت مختلف امکانات پر غور کیا جا رہا ہے۔دوسری جانب وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے اسپیکر چیمبر میں ہونے والے اجلاس سے متعلق کہا کہ وہاں قانون سازی سے متعلق امور پر بات ہوئی

بقیہ 6

توجہ مرکوز کی جائے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ چین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت میرے لئے باعثِ مسرت ہے۔اس موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔وزیراعظم نے کہا کہ یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے،صدر شی جن پنگ کی دور اندیش قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے،سال 2026 پاکستان اور چین کے مشترکہ سفر میں ایک خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، ہمارے دل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، ہماری دوستی نے ہمیشہ وقت کے ہر امتحان خواہ وہ زلزلے ہوں، طوفان ہوں یا سیلاب، کا سامنا کیا ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کے لئے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کی مظہر ہے،اب ہم سی پیک کے اگلے مرحلے سی پیک 2.0 میں داخل ہو رہے ہیں، نئے فیز میں صنعتکاری، خصوصی اقتصادی زونز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت، زراعت، کان کنی اور معدنیات پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی، زراعت کے شعبے میں ہونے والی پیشرفت انتہائی خوش آئند ہے، پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کے پہلے گروپ نے چین میں اپنی تربیت مکمل کر لی ہے، مزید 1,000 افراد پر مشتمل اگلا گروپ چین جانے کے لئے تیار ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ یہ ہمارے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور ان کے مستقبل میں ایک قیمتی سرمایہ کاری ہے، پاکستان چین تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہیں، رواں سال مئی میں صدر شی جن پنگ کے ساتھ گفتگو ہماری دیرینہ دوستی کی ایک مضبوط تجدید عہد تھی، ہم دونوں ممالک کی قیادت کے درمیان طے پانے والی اہم مفاہمت پر عملدرآمد کیلئے پوری طرح پرعزم ہیں

بقیہ 7

یقین دہانی کرائے تو ایمرجنسی کی طرف نہیں جائیں گے، بصورت دیگر وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہوگی کہ آئینی خلاف ورزیوں کو روکا جائے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے امن و امان پر توجہ نہیں دے رہی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔رانا ثناء اللہ نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت کی توجہ صرف لانگ مارچ پر ہے اور گزشتہ آٹھ ماہ سے وہ اسی کی تیاری کر رہی ہے، خیبر پختونخوا میں شہری اور سیکیورٹی فورسز کے اہلکار شہید ہو رہے ہیں جبکہ صوبائی حکومت دوسرے صوبے میں جاکر لانگ مارچ کی تیاری کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو عدالتوں سے رہائی ملے گی

بقیہ 8

اور ایک دیگر بحری جہاز شامل تھا۔یو کے ایم ٹی او کے مطابق 28 ستمبر کو ایل این جی سے بھرے ایک اور ٹینکر کو بھی پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا، جس کی اطلاع 30 ستمبر کو سامنے آئی۔برطانوی ادارے نے بتایا کہ خام تیل بردار جہاز کے بائیں جانب نامعلوم گولہ لگا، تاہم واقعے میں جانی نقصان یا نقصان کی مکمل تفصیلات تا حال سامنے نہیں آئی ہیں اور تحقیقات جاری ہیں۔یوں سامنے آنے والی اطلاعات کے مطابق مجموعی طور پر 4 تجارتی بحری جہازوں کو نشانہ بنایا گیا ہے، جن میں تیل اور گیس لے جانے والے بڑے جہاز بھی شامل ہیں۔یو کے ایم ٹی او کے مطابق دستیاب معلومات سے یہ ثابت نہیں ہوا کہ حملوں میں میزائل، ڈرون یا کسی مخصوص نوعیت کو ہتھیار استعمال کیا گیا۔کسی گروہ نے بھی تاحال ان واقعات کی ذمہ داری قبول نہیں کی۔واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کا اہم ترین راستہ ہے، اس لیے ان واقعات کے باعث خطے میں تجارتی جہاز رانی کی سلامتی اور عالمی تیل و گیس کی سپلائی سے متعلق خدشات میں اضافہ ہوا ہے

بقیہ 9

کے مطابق صدر اور وزیراعظم کی ملاقات آئندہ چوبیس گھنٹوں میں ہونے کا امکان ہے۔ذرائع نے بتایا کہ ملاقات میں خیبر پختونخوا کی صورتِ حال پر آئینی اقدامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 10

ایمرجنسی نفاذ سے متعلق سنجیدگی سے غور کر رہی ہے، دہشتگردی کے خلاف ناکامی کے باعث آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نفاذ پر غور کیا جا رہا ہے، ایمرجنسی کے نفاذ کی صورت میں پیپلز پارٹی حکومت سے تعاون کرے گی، ایمرجنسی نفاذ کیلئے جو بھی سیاسی نقصان اٹھانا پڑے ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے کہا خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، عوام اور امن و امان قائم کرنے والے اہلکار شہید ہو رہے ہیں، کے پی حکومت صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر قابو پانے میں ناکام ہوئی ہے۔طارق فضل چوہدری نے کہا دہشتگردی بلوچستان میں بھی ہے لیکن وہاں کے وزیر اعلیٰ روک تھام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، کے پی حکومت دہشتگردی کی روک تھام کے سلسلے میں وفاقی حکومت کی راہ میں رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔

بقیہ 11

معاشرہ کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے وفاقی حکومت کی کوششوں کو موثر بنانے میں بھرپور معاونت کریں۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بزرگوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ بزرگوں کے عالمی دن پر میں پاکستان اور دنیا بھر کے بزرگ شہریوں کیلئے جذبہ احترام کا اظہار کرتا ہوں، بزرگ شہریوں کی زندگی بھر کی گراں قدر خدمات کا ہماری قومی زندگی کے سماجی، معاشی اور اخلاقی تشخص کی تشکیل میں اہم کردار ہے، ہمارے بزرگ انفرادی اور اجتماعی دانش، تجربے اور اعلیٰ اقدار کے امین ہیں جنہوں نے نسلوں کی تربیت اور رہنمائی کی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ حکومت بزرگ شہریوں کے احترام کو الفاظ سے بڑھ کر پالیسی سازی، ادارہ جاتی اصلاحات اور موثر عملی اقدامات میں ڈھالنے کیلئے پرعزم ہے، اسی تناظر میں حکومت نے بزرگ شہریوں کے سماجی اور معاشی تحفظ کو مستحکم کرنے کیلئے متعدد اہم اقدامات کیے ہیں

بقیہ 12

ایم ایف نے توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کرنے اور توانائی کے شعبے میں سرکلر ڈیٹ کے اہداف کے حصول کا مطالبہ کر دیا جبکہ آٹو پالیسی کو طے کردہ بنچ مارکس کے مطابق ہم آہنگ کرنے کی تجویز دی ہے۔نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ ہوئے مذاکرات میں آٹو پالیسی پر خصوصی سیشن ہوا جس میں آئی ایم ایف جائزہ مشن کو مجوزہ آٹو پالیسی کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ذرائع کے مطابق مذاکرات میں پاکستان کی جانب سے آئی ایم ایف وفد کو توانائی کے شعبے میں اصلاحات پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خطے کی صورتحال کی وجہ سے توانائی کا شعبہ متاثر ہوا ہے۔ذرائع نے بتایا کہ وفد کو پاکستان کی جانب سے گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے مرتب کردہ پلان اور حکمت عملی کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کی طرف سے پاکستان پر زور دیا گیا ہے کہ گردشی قرضہ سے متعلق طے کردہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے اور زیرو ان فلو اہداف کے مطابق گردشی قرضہ 1600 ارب روپے تک محدود رکھنا ہدف ہے

بقیہ 13

-اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے سے جیکب آباد لاڑکانہ براستہ اوستہ محمد ریلوے ٹرین کی بحالی کا خصوصی مطالبہ کیا۔صوبائی وزیر نے کہا کہ اوستہ محمد، گنداخہ، گڑھی خیرو، شہداد کوٹ سے لاڑکانہ تک کا ریلوے ٹریک آج بھی موجود ہے جو 1947 سے قبل سے چلتا آ رہا تھا۔یہ ٹریک تقریباً 136 کلومیٹر طویل ہے اور 2005 میں بند کر دیا گیا تھا جس کے بعد اس علاقے کے لاکھوں عوام سفری سہولت سے محروم ہیں۔میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جیکب آباد، اوستہ محمد، گڑھی خیرو اور لاڑکانہ کے عوام غریب ہیں اور ان کیلئے سستی سواری ریلوے ہی ہے۔اس ٹرین کی بحالی سے نہ صرف بلوچستان اور سندھ کے عوام کو فائدہ ہوگا بلکہ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا۔اس پر وفاقی وزیر ریلوے خواجہ محمد حنیف عباسی نے صوبائی وزیر کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے چیئرمین ریلویز کو فوری طور پر ٹریک کا جائزہ لینے اور ٹرین بحالی کیلئے اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کر دیں۔

بقیہ 14

جب تک اسے نئے الزامات کا موثر دفاع کرنے کا موقع نہ دیا جائے، منصفانہ سماعت اور دفاع کا حق آئین کے تحت بنیادی تقاضا ہے۔جسٹس روزی خان بریچ نے پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے دو ملازمین کی درخواستوں پر فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ محکمانہ کارروائی میں چارج شیٹ محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ ملازم کے دفاع کی بنیاد ہوتی ہے، ملازم کو ان الزامات سے واضح اور غیر مبہم طور پر آگاہ کرنا ضروری ہے جن کا اسے سامنا ہے

بقیہ 15

تیز اور موثر ہو جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ڈیزائن ونگ کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے موقع پر کیا اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان چیف انجینئر ڈیزائن ونگ جمال احمد بلیدی چیف انجینئر فیڈرل پروجیکٹس ڈاکٹر سجاد بلوچ اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے بریفنگ دیتے ہوئے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے ڈیزائن ونگ کی موجودہ کارکردگی تکنیکی عملے کی دستیابی جدید مشینری کے حصول اور دیگر انتظامی امور سے متعلق تفصیلات پیش کیں انہوں نے بتایا کہ ڈیزائن ونگ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے مزید جدید آلات اور تربیت یافتہ تکنیکی عملے کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ایڈہاک بنیادوں پر تکنیکی عملے کی بھرتی کا عمل شروع کیا جا چکا ہے جس کے مکمل ہونے کے بعد ڈیزائن ونگ کی استعدادِ کار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا اور منصوبہ بندی و ڈیزائننگ کے عمل میں مزید بہتری آئے گی صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ حکومت محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ڈیزائن ونگ کی استعداد بڑھانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی اور درکار مشینری جدید آلات اور افرادی قوت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ تکنیکی عملے میں اضافے اور جدید سہولیات کی دستیابی سے ڈیزائن ونگ زیادہ تیز معیاری اور موثر انداز میں خدمات انجام دے سکے گا

بقیہ 16

۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا سینٹر بنا دیا ہے، یہاں آ کر لوگ اپنی آواز اٹھا سکتے ہیں، ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم پر تنقید نہ کریں، جتنی تنقید کرنی ہے کریں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ منفی بات کی ریٹنگ زیادہ آتی ہے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ آپ مثبت بات بھی پھیلائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ زرد صحافت کی جگہ سنجیدہ جرنلزم زندہ باد ہیں، پڑھے لکھے لوگ اس جرنلزم کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 17

کو روزگار اور تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں اور لاپتہ افراد کو بازیاب کر کے سیاسی کارکنوں کو رہا کیا جائے۔ عوام کو بنیادی حقوق، امن اور باعزت روزگار کی فراہمی ریاست اور حکومت کی ذمہ داری ہے۔ان مطالبات کیلئے بلوچستان بھر میں دستخطی مہم شروع کردی گئی ہے عوام الناس نوجوان سمیت سب اس دستخطی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔امرائے اضلاع و ذمہ داران تمام علاقوں میں اس مہم کو تیز کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام طویل عرصے سے بدامنی، بے روزگاری، معاشی مشکلات، شاہراہوں اور بارڈرز کی بندش سمیت مختلف مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔عوامی مشکلات میں اضافہ کرنے والی پالیسیوں کے بجائے مسائل کے مستقل حل کیلئے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ پٹرول پر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مختلف اداروں اور چیک پوسٹوں پر غیر ضروری وصولیوں کا خاتمہ کیا جائے، بارڈر تجارت کو قانونی اور آسان بنایا جائے تاکہ ہزاروں خاندانوں کا روزگار وابستہ رہ سکے۔نوجوانوں کو روزگار اور معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جائیں، کیونکہ بلوچستان کا مستقبل نوجوان نسل سے وابستہ ہے۔انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کے مسئلے کو انسانی اور آئینی بنیادوں پر حل کیا جائے اور سیاسی کارکنوں سمیت تمام شہریوں کو قانون کے مطابق انصاف فراہم کیا جائے

بقیہ 18

، زخمیوں میں 3 پاکستانی شامل ہیں، زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر کے طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق ایم ٹی آنر 25 کے بچ جانے والے عملے کو بحفاظت بندر بیلا پہنچا دیا گیا۔جبوتی میں پاکستانی سفارتخانے کی ٹیم پاکستانی شہریوں کی مدد کیلئے بندر بیلا روانہ ہوگئی ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی حکام صومالی حکام اور دیگر متعلقہ فریقوں سے مسلسل رابطے میں ہیں، جاں بحق پاکستانیوں کی میتیں وطن منتقلی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری ہیں۔دفتر خارجہ کے مطابق بچ جانے والے پاکستانی عملے کی وطن واپسی کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 19

الرحمن نے صومالی قزاقوں کے ہاتھوں فائرنگ سے شہید ہونے والے سید کاشف عمر کے گھر جا کر ان کے والد سید فاروق عمر، بھائی سید آصف عمر بیٹے سید ایزان عمر اور سید یوہان عمر سے ملاقات اور دعائے مغفرت کی۔حافظ نعیم الرحمن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی نااہلی کے باعث قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال پاکستانی شہریوں کو بازیاب نہیں کرایا جاسکا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آج تین گھروں کے وارثین دنیا سے چلے گئے۔ہم یہاں مرحوم کے بچوں سے تعزیت کرنے آئے ہیں۔ بچے کہہ رہے ہیں کہ آپ نے کہا تھا کہ ہمارے والد کو بازیاب کرایا جائے گا، لیکن قزاقوں نے ہمارے والد کو قتل کر دیا۔

بقیہ 20

کے مطابق وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت پاکستان ویٹرنری فارماسیوٹیکل ایسوسی ایشن کے ساتھ اہم اجلاس ہوا جس میں ویٹرنری ادویات پر 2D بار کوڈ نظام کے نفاذ اور ٹریس ایبلٹی کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے شرکا نے کہا کہ جعلی ادویات کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے، جعلی ادویات کے خاتمے سے معیاری فارماسیوٹیکل صنعت کی ساکھ مزید مضبوط ہوگی۔وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ویٹرنری پولٹری ادویات کی محفوظ، مستند اور قابل تصدیق فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، ادویات پر 2D بار کوڈ کے نفاذ کیلئے ڈیڑھ سال سے کام جاری ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بارکوڈ کا نظام جعلی اور غیر معیاری ویٹرنری اور پولٹری ادویات کی روک تھام میں معاون ہوگا، جانوروں میں استعمال ہونے والی ادویات بھی انسانی صحت سے براہ راست جڑی ہیں۔وزیر صحت نے کہا کہ ون ہیلتھ کے اصول کے تحت ویٹرنری ادویات کے موثر ضابطے اور نگرانی کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 21

سسٹم کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر پیشہ ورانہ اقدامات کے ذریعے ڈاکٹروں کو ہراساں کیا جا رہا ہے، جبکہ یہ پالیسی مریضوں کی رازداری کیلئے خطرات پیدا کرتی ہے اور علاج کے اخراجات میں اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔پیما کے مرکزی صدر پروفیسر عاطف حفیظ صدیقی نے اپنے بیان میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صحت کی سہولیات کی فراہمی کو ریٹیل کاروبار سے تشبیہ نہیں دی جاسکتی۔ ان کے بقول کلینکس اور ہسپتال سپر اسٹورز یا پرچون کی دکانیں نہیں جہاں یکساں نوعیت کی اشیا فروخت کی جاتی ہوں، بلکہ ہر مریض کی طبی ضرورت اور علاج کی نوعیت مختلف ہوتی ہے

بقیہ 22

-ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب میں قائمقام سی ای او عبدالمنان،، بورڈ کے افسران و اہلکاروں اور دیگر اسٹاف نے شرکت کی۔ بلال خان کاکڑ نے قائم لاشاری کی بورڈ کیلئے خدمات کو سراہا اور کہا کہ انہوں نے سرمایہ کاری کے فروغ اور ادارے کے امور کو آگے بڑھانے کیلئے اہم کردار ادا کیا۔بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مختلف شعبوں میں ترقی کی رفتار تیز کرنے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔اس مقصد کیلئے سرمایہ کاروں کے ساتھ موثر رابطہ اور ان کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائم لاشاری کی پیشہ ورانہ خدمات اور تجربہ ادارے کیلئے قابل قدر رہے ہیں جبکہ ان کی محنت اور کاوشوں کو یاد رکھا جائے گا

بقیہ 23

کی فراہمی اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے ساتھ ساتھ ماحول دوست منصوبوں پر تیزی سے عمل جاری ہے۔ شجرکاری مہمات، آلودگی کے خاتمے اور قدرتی وسائل کے موثر استعمال جیسے اقدامات موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کم کرنے میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔صوبائی مشیر نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف ترقیاتی منصوبے مکمل کرنا نہیں بلکہ عوام کیلئے ایک صاف، سرسبز اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوامی شمولیت کے بغیر ترقی کا عمل ادھورا ہے

بقیہ 24

ہے۔اوگرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اکتوبر کیلئے گھریلو استعمال کے 11.8 کلوگرام کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 244 روپے 14 پیسے اضافہ کیا گیا ہے۔اوگرا کے مطابق اکتوبر میں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 3296 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ ستمبر میں اسی سلنڈر کی قیمت 3052 روپے تھی۔

بقیہ 25

سہیل آفریدی سیاسی طور پر اتنے طاقتور ہیں کہ لانگ مارچ کر سکیں۔اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورننس کی ناکامی واضح ہے، صوبائی حکومت دہشت گردی روکنے میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ این ایف سی میں ہر سال دہشت گردی کے تدارک کیلئے فنڈز دیئے جاتے ہیں اس کے باوجود کوہاٹ اور ڈی آئی خان میں دہشت گردی کے بڑے واقعات ہوئے،صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سیاست کو ترک کر کے وہاں جائے جہاں لاشیں گر رہی ہیں۔

بقیہ 26

قیادت میں پارٹی کارکنوں پر مشتمل وفد نے جھالاوان ہاؤس میں صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ملاقات کی۔ملاقات میں سیاسی و علاقائی امور سمیت محکمہ بلدیات کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ نے صوبائی مشیر بلدیات کو پارٹی کارکنوں کو درپیش مسائل اور ان کے حل سے متعلق آگاہ کیا۔صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ بلوچستان حکومت چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ پارٹی کارکن پیپلز پارٹی کا اثاثہ ہیں، انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے

بقیہ 27

سفری سہولت کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کیلئے 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن کا منصوبہ صرف 120 روز میں مکمل کیا گیا ہے، جو صوبائی حکومت کی مثالی کارکردگی اور عوام دوستی کا واضح ثبوت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے روٹ میں کچلاک سے سریاب تک 7 اسٹیشنز شامل ہیں، جو کوئٹہ اور گردونواح کے شہریوں کیلئے سفری سہولیات میں بہتری کا ذریعہ بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ، ملازمین، کاروباری افراد اور عام شہریوں کیلئے یہ منصوبہ روزمرہ سفر کو مزید آسان بنانے، وقت اور سفری اخراجات میں کمی لانے کی جانب ایک اہم قدم ہے

بقیہ 28

کی عکاسی کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے عالمی سرمایہ کاروں کے سامنے پاکستان کی معاشی اصلاحات، ڈیجیٹلائزیشن اور معاشی استحکام کو اجاگر کر کے ایک مثبت پیغام دیا ہے۔پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے پرکشش اور قابل اعتماد ملک کے طور پر پیش کرنے کے ساتھ ایسے عملی اقدامات بھی جاری رکھنے ہوں گے جو سرمایہ کاروں کو پالیسی کے تسلسل، شفافیت اور کاروباری سہولتوں کا یقین دلائیں۔سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ روابط کی مضبوطی پاکستان کیلئے سرمایہ کاری، تجارتی مالیات اور طویل المدتی اقتصادی شراکت داری کے نئے مواقع پیدا کر سکتی ہے۔حکومت کی ترجیح قرض کے حصول سے آگے بڑھ کر براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پیداواری شعبوں کی ترقی بھی ہونی چاہیے۔

بقیہ 29

کہا ہے کہ پاکستان امن چاہتا ہے، جس کیلئے افغانستان کو کراس بارڈر دہشت گردی روکنا ہوگی۔بدھ کو وفاقی دارالحکومت میں انٹرنیشنل پارلیمنٹیریز کانگریس کے زیر اہتمام افغانستان کی صورتحال پر کانفرنس ہوئی جس سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ افغانستان کا معاملہ اکیڈمک ڈسکشن سے زیادہ کچھ مانگتا ہے۔ افغانستان میں امن و پاکستان میں امن دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ پرامن اور مستحکم افغانستان کی بات کی ہے

بقیہ 30

تھے۔پالیسی ڈائیلاگ میں انسداد دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی کے تدارک کیلئے قانون سازی کو موثر بنانے، پارلیمانی کردار کو مضبوط کرنے اور متعلقہ اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری و تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ نوجوان نسل ملک اور معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، اس لیے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پرتشدد انتہا پسندی کے تدارک کیلئے قانون سازی کے ساتھ ساتھ معاشرے میں مثبت سوچ، برداشت اور ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینا بھی اہم ہے۔اسپیشل سیکرٹری داخلہ سلام خان اچکزئی نے کہا کہ انسداد دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی کے موثر تدارک کیلئے متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط رابطہ کاری اور معلومات کے بروقت تبادلے کی ضرورت ہے

بقیہ 31

77 ویں سالگرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت میرے لیے باعث مسرت ہے اور اس موقع پر چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، عالمی امن، استحکام اور ترقی میں چین کا انتہائی اہم کردار ہے، صدر شی جن پنگ کی دور اندیش قیادت میں چین نے انسانی ترقی، سائنس، ٹیکنالوجی اور جدت کے شعبوں میں بے مثال ترقی کی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ 2026 کا سال پاکستان اور چین کے مشترکہ سفر میں ایک خصوصی اہمیت رکھتا ہے، پاکستان اور چین اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں، ہمارے دل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک ساتھ دھڑکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری دوستی نے ہمیشہ وقت کے ہر امتحان، خواہ وہ زلزلے ہوں، طوفان ہوں یا سیلاب، سامنا کیا ہے، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہماری دیرینہ دوستی اور اپنے عوام کیلئے زیادہ خوشحال اور ترقی یافتہ مستقبل کے مشترکہ عزم کا مظہر ہے

بقیہ 32

کیا گیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے وفاقی وزیر ریلوے سے جیکب آباد لاڑکانہ براستہ اوستہ محمد ریلوے ٹرین کی بحالی کا خصوصی مطالبہ کیا۔صوبائی وزیر نے کہا کہ اوستہ محمد، گنداخہ، گڑھی خیرو، شہداد کوٹ سے لاڑکانہ تک کا ریلوے ٹریک آج بھی موجود ہے جو 1947 سے قبل سے چلتا آ رہا تھا یہ ٹریک تقریباً 136 کلومیٹر طویل ہے اور 2005 میں بند کر دیا گیا تھا جس کے بعد اس علاقے کے لاکھوں عوام سفری سہولت سے محروم ہیں۔میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جیکب آباد، اوستہ محمد، گڑھی خیرو اور لاڑکانہ کے عوام غریب ہیں اور ان کیلئے سستی سواری ریلوے ہی ہے۔

بقیہ 33

خصوصی اقدامات احسن اقبال نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی معاشی ترقی، علاقائی رابطہ کاری، معدنی وسائل، موسمیاتی تبدیلی، ایم ایل ون اور برآمدات کے فروغ سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اب صرف معدنیات نکالنے کے بجائے انہیں اعلیٰ قدر کی مصنوعات میں ڈھالنے کی جانب بڑھ رہا ہے اور عالمی معدنی سپلائی چین میں ایک اہم شراکت دار بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان وسطی ایشیا کی اہم معدنیات کو عالمی منڈیوں تک پہنچانے کیلئے کیٹرک کا جنوبی گیٹ وے بن سکتا ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کا عالمی کاربن اخراج میں حصہ نہایت کم ہے تاہم ملک موسمیاتی خطرات سے شدید متاثرہ ممالک میں شامل ہے۔

بقیہ 34

کے مختلف شعبہ جات، وارڈز، طبی سہولیات اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے ہسپتال کے مختلف وارڈز اور شعبہ جات کا معائنہ کیا اور وہاں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے ہسپتال میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات، علاج معالجے اور دیگر ضروری خدمات کے بارے میں براہ راست معلومات حاصل کیں۔دورے کے دوران اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے ہسپتال کی ادویات کے اسٹاک، لیبارٹری اور دیگر طبی سہولیات کا بھی معائنہ کیا، جبکہ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے اس موقع پر کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 35

متعدد فوڈ سیفٹی خلاف ورزیاں سامنے آنے پر 4 یونٹس کو جرمانے، ایک ملک شاپ سیل جبکہ آکسی ٹوسن انجکشن کے 12 پیکٹ ضبط کر لیے گئے۔کارروائی اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سریاب کبیر احمد مزاری اور اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے کی گئی۔ بی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں اور موبائل لیبارٹری ٹیم نے مجموعی طور پر 8 ڈیری یونٹس و متعدد ملک شاپس و ملک سپلائرز کا تفصیلی معائنہ کیا۔معائنے کے دوران دو ڈیری فارمز میں غیر صحت بخش صفائی کے حالات، دودھ کی ہینڈلنگ و اسٹوریج کے مقررہ معیار پر عملدرآمد نہ کرنے، ضروری دستاویزات کی عدم دستیابی اور ورکرز کے میڈیکل ریکارڈز موجود نہ ہونے پر جرمانے عائد کیے گئے۔کارروائی کے دوران مویشیوں کو آکسی ٹوسن انجیکشن لگانے کا بھی انکشاف ہوا جس پر آکسی ٹوسن انجیکشن کے 12 پیکٹ موقع پر ضبط کر لیے گئے

بقیہ 36

سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں اسکولوں، تعلیمی اداروں اور دیگر عوامی اداروں میں CSR کے تحت جاری اور مجوزہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر مختلف منصوبوں کی پیش رفت، عوامی ضروریات اور ترقیاتی کاموں کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی امور کا جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ CSR کے تحت جاری منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے اور عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 37

کا مستقبل غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہو گیا ہے۔بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی صوبے کی ترقی، منصوبہ بندی اور تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، ایسے ادارے کو بیک قلم جنبش ختم کرنا اور اس سے وابستہ ہزاروں ملازمین کے مستقبل کو داؤ پر لگانا حکومت کی پالیسی اور ترجیحات پر سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی ترقیاتی ترجیحات کا اندازہ اس امر سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ چمن-کوئٹہ اور سبی-ہرنائی ریلوے سروسز بند کر دی گئی ہیں، جبکہ کچلاک-سریاب ریلوے کو کھولنے کو ترقی کا نام دیا جا رہا ہے؛ ایسے اقدامات سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا عوام کو بنیادی سفری سہولیات اور موجودہ انفراسٹرکچر کی بحالی فراہم کرنا ترجیح ہے یا محض اعلانات اور نمائشی اقدامات کو ترقی قرار دینا مقصود ہے۔

بقیہ 38

معیار کی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ تربیت کی مکمل فراہمی کے بعد ان تمام نوجوانوں کو نامور سافٹ ویئر ہاؤسز میں باقاعدہ روزگار (جابز) فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ صوبے کی معاشی ترقی میں اپنا فعال کردار ادا کر سکیں۔کراچی دورے کے دوران ایم ڈی بی ٹیوٹا عبد الکبیر خان زرکون اور دیگر افسران نے تربیتی مراکز، رہائشی سہولیات اور کلاس رومز کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی پیغام کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی تمام تر ترجیح صوبے کے نوجوانوں کو بہترین اور معیارِ زندگی کے مطابق تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 39

فروغ کیلئے اساتذہ کا 16 روزہ تربیتی پروگرام جاری ہے اس تربیتی ورکشاپ میں ماسٹر ٹرینرز نذیر باہوٹ اور حاکم حکیم اساتذہ کو جدید تدریسی طریقوں، مؤثر تعلیمی حکمتِ عملیوں اور طلبہ کی بنیادی تعلیمی صلاحیتوں میں بہتری کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کر رہے ہیں ورکشاپ میں پسنی سے 31 اساتذہ شریک ہیں، جبکہ جاری تربیتی سیشن میں انگریزی زبان اور تدریسی مہارتوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 40

سیاست کو ہمیشہ ایک اہم اور مؤثر ذریعہ سمجھا ہے۔ جماعت کا بنیادی مؤقف یہ رہا ہے کہ عوام کے مسائل کا حل پارلیمنٹ کو مضبوط بنانے، منتخب نمائندوں کو بااختیار کرنے اور آئین کی بالادستی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ جمعیت علماء اسلام نے مختلف ادوار میں حکومت کا حصہ بننے کے ساتھ ساتھ اپوزیشن کا کردار بھی ادا کیا اور پارلیمنٹ کے اندر اپنے سیاسی مؤقف کو دلیل کے ساتھ پیش کیا۔جماعت کے نزدیک اقتدار مقصد سیاست نہیں بلکہ عوام کی خدمت، آئین کا تحفظ اور ملک میں بہتر طرز حکمرانی کا ذریعہ ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ جمعیت کی سیاسی تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ جماعت نے محض حکومت میں شامل ہونے کے لیے اپنے اصولی مؤقف کو نظرانداز نہیں کیا۔ جہاں جماعت کو اپنے سیاسی اصولوں اور عوامی مینڈیٹ کے خلاف سمجھوتے کا خدشہ محسوس ہوا، وہاں اقتدار سے دور رہنے کو ترجیح دی گئی۔ یہی طرزِ سیاست سیاسی جماعتوں کے لیے ایک اہم مثال بن سکتا ہے۔ پارلیمنٹ میں جمعیت علماء اسلام نے دینی، آئینی، معاشی اور عوامی مسائل پر آواز اٹھائی۔خصوصاً پسماندہ علاقوں، صوبائی حقوق، امن وامان، مہنگائی، بے روزگاری، تعلیم اور عوامی سہولیات سے متعلق مسائل کو قومی سطح پر اجاگر کرنا جماعت کی سیاسی سرگرمیوں کا اہم حصہ رہا ہے

بقیہ 41

لگنی چاہیے، نہ ہی کوئی ایمرجنسی کی صورتحال ہے، لانگ مارچ ہمارا سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا، کسی پر چڑھائی نہیں کر رہے۔سہیل آفریدی کی تبدیلی سے متعلق سوال پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہی رہیں گے، ایم پی ایز وزیراعلیٰ کیلئے اپنی سی ویز جیب میں رکھیں۔شوکت یوسفزئی کی جانب سے بھیجے گئے خط سے متعلق سوال پر چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ شوکت یوسفزئی نے واٹس ایپ پر خط بھیجا، یہ میرے اور ان کے درمیان بات ہے، پارٹی کو شوکت یوسفزئی سے کوئی ناراضگی نہیں، شوکت یوسفزئی اب بھی صوبائی سیکرٹری اطلاعات ہیں

بقیہ 42

بیان میں کہا کہ متعدد محکموں میں ملازمین کے پروموشن کیسز اور کچھ دیگر کیسز گزشتہ تین سال سے التوا کا شکار ہیں، جس کے باعث کئی ملازمین ترقی کے منتظر ہیں جبکہ بعض ملازمین ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچ چکے ہیں۔ پروموشن میں غیر ضروری تاخیر سے ملازمین میں شدید بے چینی اور مایوسی پائی جا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنے جائز حق کے منتظر ہیں چیف سیکرٹری بلوچستان فوری نوٹس لیتے ہوئے سلیکشن بورڈ کا اجلاس طلب کرنے کے احکامات جاری کریں

بقیہ 43

اور روایتی دانش کے موضوع پر تحقیقی مقالہ پیش کیا۔تین روزہ کانفرنس 25 تا 27 ستمبر لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز، لاہور میں منعقد ہوئی، جس کا مرکزی موضوع ''ایشیا کو مرکزیت دینا: روابط کی ازسرنو تشکیل، مستقبل کی نئی نقشہ بندی'' تھا مرزا غالب کی تحقیق میں گوادر کے ساحلی معاشرے کے روایتی علم، ماہی گیری کے تجربات اور سمندر و موسمی حالات سے متعلق مقامی دانش کا جائزہ پیش کیا گیا، جو نسل در نسل منتقل ہوتی آ رہی ہے۔ تحقیق نے بلوچستان کے ساحلی معاشرے کے علمی و ثقافتی ورثے اور سماجی و معاشی زندگی میں مقامی علم کی اہمیت کو اجاگر کیا یونیورسٹی آف گوادر کی انتظامیہ نے مرزا غالب کی بین الاقوامی علمی کانفرنس میں شرکت کو سراہتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی مقامی و علاقائی موضوعات پر معیاری تحقیق اور اسے قومی و بین الاقوامی علمی فورمز تک پہنچانے کیلئے فیکلٹی کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی۔

بقیہ 44

شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے گیس حکام کی جانب سے عوام کو درپیش مشکلات کے حل میں غفلت باعث افسوس ہے۔صبح 9 بجے سے دوپہر اور ظہر سے مغرب تک گیس کی بندش کے باعث گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ کے امور خانہ داری میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گیس کی غیر یقینی فراہمی اور طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ شہریوں کے بنیادی مسائل میں مزید اضافہ کر رہی ہے۔

بقیہ 45

کرنا مشکل ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر طلباء کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جس کی قیادت عدنان بلوچ کر رہے تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، پاکستان کی آبادی میں نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود ہے، اس لیے ملک کے مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے نوجوانوں کو تعلیم، تحقیق، مثبت سوچ اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی ملک میں ایسا نظام چاہتی ہے۔ جس میں عام شہری کو بنیادی حقوق، معیاری تعلیم، روزگار، صحت اور انصاف کی سہولیات میسر ہوں اور فیصلے عوامی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو بار بار درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے روایتی طرزِ سیاست اور فرسودہ انتظامی ڈھانچے سے آگے بڑھنا ہوگا۔

بقیہ 46

تعلیم (TVET) کے شعبے میں ان کی شاندار خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا اور صوبے میں اس شعبے کو مزید فروغ دینے کیلئے باہمی تعاون کو بڑھانے اور مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ گفتگو کے دوران بلوچستان میں فنی تربیت کی بہتری اور نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے حوالے سے برٹش کونسل کے مثبت اور متحرک کردار کی بھی پذیرائی کی گئی۔ برٹش ڈپٹی ہائی کمیشن نے اس موقع پر مہمانوں کا گرمجوشانہ خیر مقدم کیا اور بلوچستان میں فنی تعلیم کے فروغ کیلئے اپنے مکمل، مسلسل اور ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

بقیہ 47

کہ NICU کی توسیع اور اپ گریڈیشن سے کم عمر اور نازک حالت میں پیدا ہونے والے نوزائیدہ بچوں کو اپنے ہی علاقے میں بروقت اور معیاری طبی نگہداشت کی سہولت میسر آئے گی۔ بالخصوص زچگی کے دوران پیچیدگیوں کا سامنا کرنے والے بچوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جا سکے گی۔انہوں نے کہا کہ اس سہولت کے باعث نوزائیدہ بچوں کو علاج کیلئے دور دراز شہروں میں منتقل کرنے کی ضرورت میں کمی آئے گی، جبکہ علاقے میں ماں اور بچے کی صحت کے تحفظ کیلئے طبی سہولیات مزید بہتر ہوں گی۔ دور افتادہ علاقے کے عوام کیلئے NICU کی یہ توسیع و اپ گریڈیشن ایک اہم طبی پیش رفت ہے، جو نوزائیدہ بچوں کو بہتر اور بروقت علاج کی فراہمی میں مؤثر کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 48

فراہمی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بچوں کو مختلف خطرناک اور متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکہ جات کی بروقت فراہمی اور ویکسینیشن کا مقررہ اہداف کے مطابق مکمل ہونا انتہائی ضروری ہے، محکمہ صحت کے افسران اور متعلقہ عملہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری اور محنت سے انجام دیں اور دور دراز علاقوں سمیت ضلع بھر میں کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے۔انہوں نے ہدایت کی کہ ای پی آئی پروگرام کے تحت ویکسینیشن کے عمل کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور جہاں کہیں بھی غفلت سامنے آئے اسے فوری طور پر دور کیا جائے تاکہ بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے لگا کر انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 49

اگر واقعی عوام کو جدید، محفوظ اور سستی سفری سہولیات فراہم کرنا چاہتی ہے تو گزشتہ چھ ماہ سے بند کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین کو بھی فوری طور پر بحال کرے۔ چمن پسنجر ٹرین چمن اور گردونواح کے لاکھوں عوام کے لیے محض سفری ذریعہ نہیں بلکہ ایک بنیادی عوامی سہولت تھی، جس سے غریب و متوسط طبقے ، مزدوروں، طلباء، خواتین، بزرگوں، مریضوں اور عام شہریوں کو کم خرچ سفر کی سہولت میسر تھی۔انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت بلوچستان عوام کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی اور ترقی کے دعوے کر رہی ہے، جبکہ دوسری جانب چمن جیسے اہم سرحدی شہر اور اس سے منسلک آبادی کو ریلوے کی سستی سفری سہولت سے محروم رکھا گیا ہے۔

بقیہ 50

اور بیدار معاشرے کی روح ہوتی ہے۔ ہمارے ادیب، محققین، اور شعرا ہمارا عظیم قومی و فکری سرمایہ ہیں جن کی کاوشیں معاشرے کو سمت اور شعور فراہم کرتی ہیں۔تقریب کا باقاعدہ افتتاح سیکرٹری ثقافت نے کیا، جبکہ اختتامی نشست کی مہمان خاص صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تھیں۔تقریب میں صوبے کی پانچ اہم زبانوں ——اردو، پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی—— میں بہترین نثر نگاری، شاعری، ناول نگاری اور تحقیق و تصنیف پر تقریباً 70 ممتاز قلمکاروں اور اہل علم کو ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں صوبائی ادبی ایوارڈز سے نوازا گیا۔ اپنے تفصیلی خطاب میں صوبائی وزیر تعلیم نے تمام ایوارڈ یافتگان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی علمی و ادبی خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونا وقت کی ضرورت ہے، تاہم ڈیجیٹل فن اور جدید ٹیکنالوجی کی آمد کے باوجود کتاب کی اہمیت و افادیت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 51

میں ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنانے، بقایاجات کی وصولی میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرنے اور متعلقہ ریکارڈ کو باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھنے سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں تیزی لائی جائے اور مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام امور شفاف اور قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں تاکہ سرکاری محاصل میں اضافہ اور واجبات کی بروقت وصولی ممکن ہو سکے۔

بقیہ 52

سربراہی میں ایس ایچ او سول لائن پولیس جواد حیدر نے کارروائی کرتے ہوئے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم کو 24 گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم سے تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 53

کے سراسر منافی ہے۔میر فدا حکیم رند نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں خواتین اور بچوں کا تحفظ بنیادی ذمہ داری ہے ، جبکہ بلوچ معاشرے میں چادر، چار دیواری اور خواتین کے احترام کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات نہ صرف متاثرہ خاندان کے لیے ناقابل تلافی صدمہ ہیں بلکہ علاقے کے امن و امان اور سماجی اقدار کے لیے بھی باعث تشویش ہیں۔انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، مغوی بچے کی بازیابی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور متاثرہ خاندان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔میر فدا حکیم رند نے کہا کہ بلیدہ سمیت پورے کیچ میں امن و امان کا قیام، شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ ریاست اور متعلقہ اداروں کی اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں قانون کو ہاتھ میں لینے کے بجائے قانونی راستہ اختیار کریں۔

بقیہ 54

یونیورسٹی کے آن لائن پورٹل https://admissions.universityofturbat.com کے ذریعے اپنی درخواستیں جمع کروا سکتے ہیں۔ آن لائن فارم جمع کراتے وقت کسی بھی تکنیکی دشواری کے حل اور رہنمائی کے لئے امیدوار جامعہ تربت کے مین کیمپس یا سٹی کیمپس (شعبہ قانون) میں قائم خصوصی ایڈمیشن سیل سے رجوع کر سکتے ہیں۔مزید برآں، دفتری اوقات کے دوران درج ذیل ٹیلی فون نمبرز پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے 0852-00539 تعلیمی پروگراموں کی اہلیت، تفصیلات اور دیگر معلومات کیلئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ https://uot.edu.pk/admission-open-for-spring-2027 وزٹ کریں۔

بقیہ 55

عبدالجمیل، کے بھائی، حاجی بسم اللہ کاکڑ کے بھتیجے، پی آئی اے کے اہلکار محمد حنیف محمد اشرف کے چچا، سید عبدالبشیر، سید یاسین آغا، اور احمد اللہ کے برادر نسبتی ڈاکٹر طیب آغا کے سسر، حاجی صدیق، حاجی عثمان غنی اور حاجی ہاشم کے بھانجے،، پی آئی اے ملازم سید عبدالودود کے ماموں تھے، ان کی فاتحہ خوانی جامعہ مسجد طیبہ ایشین ویلا زلیر گیٹ سمنگلی روڈ پر لی جائے گی،

بقیہ 56

بڑا سماجی تحفظ کا پروگرام ہے ، جس کا بنیادی مقصد معاشرے کے کمزور اور مستحق طبقات خصوصاً خواتین کو معاشی مشکلات سے نکالنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔سکینہ عبداللہ خان نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے اپنی سیاسی جدوجہد کے دوران ہمیشہ غریب، نادار، محروم اور پسے ہوئے طبقات کے حقوق کی بات کی اور خواتین کو بااختیار بنانے کو خصوصی اہمیت دی۔ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اسی وژن کی عملی شکل ہے، جس کے ذریعے ملک بھر میں لاکھوں مستحق خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ اس عظیم فلاحی پروگرام کے قیام اور غریب خواتین کے لیے مالی معاونت کا ایک مستقل ذریعہ فراہم کرنے پر وہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان جیسے پسماندہ اور دور دراز علاقوں پر مشتمل صوبے میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے، کیونکہ یہاں بڑی تعداد میں خواتین معاشی مشکلات کا شکار ہیں اور سرکاری مالی معاونت ان کے لیے خاندان کے بنیادی اخراجات پورے کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع سے بی آئی ایس پی کے حوالے سے شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن میں انتظامی مشکلات، طویل انتظار، مناسب رہنمائی کا فقدان اور بعض مقامات پر مستحق خواتین کے ساتھ نامناسب رویے کی شکایات شامل ہیں۔سکینہ عبداللہ خان نے کہا کہ غریب اور مستحق خواتین پہلے ہی معاشی مشکلات اور گھریلو مسائل کا سامنا کر رہی ہوتی ہیں، ایسے میں اگر انہیں اپنے جائز حق کے حصول کے لیے سرکاری دفاتر کے چکر لگانے پڑیں، گھنٹوں انتظار کرنا پڑے یا نامناسب رویے کا سامنا کرنا پڑے تو یہ انتہائی تشویش ناک امر ہے۔ مستحق خواتین کے ساتھ عزت، احترام اور ہمدردی سے پیش آنا متعلقہ حکام کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 57

اجلاس میں پارٹی ورکرز کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ ایک، دو روز میں ایک اہم اجلاس منعقد کیا جائے گا، جس میں تمام ڈویژنل صدور شرکت کریں گے۔اجلاس میں پارٹی کارکنوں کے مسائل کے حل، باہمی رابطوں کو مزید مؤثر بنانے اور تنظیمی امور پر بھی مشاورت کی جائے گی۔

بقیہ 58

پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں مجموعی طور پر 2,935 ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی اور جائزہ لیا گیا ہے، جن میں سے 1,667 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں، جبکہ باقی ماندہ منصوبوں پر کام جاری ہے۔جبکہ (BSDI) پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت صوبے میں 4,052 منصوبے شامل ہیں، جن کی پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ حکام اور ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ زیر تکمیل ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ خواتین کے مسائل کے فوری حل اور انہیں باعزت انداز میں اپنی شکایات پیش کرنے کا موقع فراہم کرنے کیلئے خواتین کیلئے الگ کھلی کچہریوں کا انعقاد یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ضلعی سطح پر مؤثر اور فوری اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ اسکولوں میں موجود مسنگ فیسیلیٹیز کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، اس لیے اسکولوں میں پانی، واش رومز، بجلی، چار دیواری اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 59

دوران ملزم مالک داد ولد دستگیر قوم عبداللہ زہی کو گرفتار کر کے چرس برآمد کی گئی، جس پر مقدمہ درج کیا۔(2) دوسری کارروائی کے دوران ملزم احمد اللہ ولد نور محمد قوم مردانزہی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے شراب برآمد کی گئی جس پر مقدمہ درج رجسٹر کیا۔منشیات فروشوں کے خلاف مزید کارروائی تیز کی جائے گی۔

بقیہ 60

ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عبدالستار کاکڑ کی صحافتی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، ان کے انتقال سے صحافتی حلقے ایک سینئر اور تجربہ کار صحافی سے محروم ہو گئے ہیں۔

بقیہ 61

کے لیے پاکستانی مرد شہریوں سے آن لائن درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ ناظمین اور اہل امیدوار 11 اکتوبر 2026 تک پاکستان نیوی کی آفیشل ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ اہلیت کا معیار صرف پاکستانی مرد شہری رجسٹریشن کی تاریخیں: 13 ستمبر 2026 سے 11 اکتوبر 2026 عمر کی حد (15 مئی 2027 تک): سویلین (غیر شادی شدہ): 16 1/2 سے 21 سال سروس کینڈیڈیٹس (یونیفارم فورسز-شادی شدہ/غیر شادی شدہ): 17 سے 23 سال کم از کم قد: 5 فٹ 4 انچ تعلیمی قابلیت ایف ایس سی/او یا اے لیول: کم از کم 60% نمبروں کے ساتھ میٹرک اور ایف ایس سی (پری انجینئرنگ: فزکس، میتھس اور کیمسٹری) پاس ہونا ضروری ہے۔ پری میڈیکل کے طلباء: پری میڈیکل کے طلباء بھی اپلائی کر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ 15 مارچ 2027 سے پہلے ایف ایس سی یا اے لیول میں اضافی ریاضی کا امتحان پاس کریں۔ او/اے لیول کینڈیڈیٹس: IBCC سے ایکویلنس سرٹیفکیٹ جمع کروانا لازمی ہے۔ ایف ایس سی پارٹ 2 کے امیدوار: ایف ایس سی پارٹ 1 میں کم از کم 65% نمبر حاصل کرنے والے امیدوار اپنے متعلقہ کالج یا ادارے کے سربراہ سے ہوپ سرٹیفکیٹ (Hope Certificate) حاصل کر کے اپلائی کر سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ 15 مئی 2027 سے پہلے فائنل رزلٹ جمع کروائیں۔ آن لائن رجسٹریشن اور معلومات اہل امیدوار آن لائن رجسٹریشن کے لیے پاکستان نیوی کی ویب سائٹ وزٹ کریں: ویب سائٹ: www.joinpaknavy.gov.pk مزید معلومات یا راہنمائی کے لیے اپنے قریبی پاکستان نیوی بھرتی و سلیکشن سینٹر سے رابطہ کریں۔

بقیہ 62

شبیر احمد مینگل، ماما بشیر احمد مینگل، استاد گل داد بلوچ، حاجی عبدالباری بلوچ، انجمن تاجران کے صدر نگری نور احمد ساسولی سمیت شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی مہمان خاص میر جہانزیب مینگل نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لئے 30 ہزار روپے دینے کا اعلان کر دیا سیمفائنل کے فرائض ثناء شیرزہی اور نادر زیب سرانجام دیئے بورڈ اسکورر صوفی عطاء اللہ آپش جبکہ ریفری کے فرائض عبدالوحید نوتیزئی نے سر انجام دیئے کل ٹورنامنٹ کا فائنل میچ کھیلا جائے گا۔

بقیہ 63

کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے ڈیجیٹل نظام سے ہم آہنگ کرنے کے امور کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ، ایم ڈی پی ایم ٹی اے، ڈائریکٹر جنرل پی ٹی سی پی، سی ای او پی پی پی سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ، اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سی سی او ٹی ایس پی ایل اور چیف آپریٹنگ آفیسر کے علاوہ دیگر افسران موجود تھے۔اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے گرین بس سروس کے نظام کو مرحلہ وار جدید اور ڈیجیٹلائز کیا جائے، تاکہ شہریوں کو بس سروس سے متعلق تمام ضروری معلومات اپنے موبائل فون کے ذریعے باآسانی دستیاب ہوسکیں۔تجویز کردہ ڈیجیٹل نظام کے تحت شہری موبائل ایپ یا ویب پورٹل کے ذریعے گرین بس کے روٹس، بس اسٹاپس، اوقاتِ کار، کرایوں اور متعلقہ سفری معلومات حاصل کر سکیں گے

بقیہ 64

علاقے کے معزز شخصیت، ریٹائرڈ کسٹم آفسر سائین سیف الدین ہاشمی کینسر کے مرض کی بیماری کے باعث کراچی میں وفات پا گئے جن کی تدفین کراچی میں ہی کر دی گئی جس میں اہم شخصیات نے شرکت کی، دوسری جانب سینئر صحافی ضمیر حسین بھٹو، شاد محمود بھٹو، عابد بھٹو سمیت وکیل نادر حسین بھٹو، سر شاہنواز بھٹو و دیگر نے سیف الدین ہاشمی کے وفات پر دکھ و غم کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 65

مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہجرت کامران کا طویل عرصہ سے لاپتہ ہونا انتہائی تشویشناک اور بدترین ظلم ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی شہری کو طویل عرصے تک اس کے اہلخانہ اور عزیز واقارب سے دور رکھنا انسانی اور بنیادی حقوق کا معاملہ ہے، ہجرت کامران کے اہلخانہ کو شدید ذہنی اذیت اور کرب کا سامنا ہے، متعلقہ ادارے اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ہجرت کامران کو بازیاب کر کے ان کے اہلخانہ کو صورتحال سے آگاہ کریں۔سید صادق آغا نے کہا کہ تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں شاہنواز کھرل، گل خان اچکزئی، فیصل، شاہ محمد اور دیگر کی مسلسل 3 ایم پی او کے تحت بندش بھی قابل مذمت ہے۔سیاسی کارکنوں اور رہنماؤں کے خلاف کارروائیوں کے بجائے سیاسی معاملات کو سیاسی اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے

بقیہ 66

عمل کو مؤثر بنانے اور تعلیمی معیار میں بہتری لانے کیلئے طلبہ میں مختلف نوعیت کا تعلیمی سامان تقسیم کیا گیا۔پروگرام کے تحت ضلع کوئٹہ کے اسکول بیگز، ایم ایچ ایم کٹس، کلر پنسل سیٹس، اسٹوری بکس، ڈی آر آر کٹس اور فلیش کارڈ ڈیسکس تقسیم کیے گئے۔اس موقع پر سیکرٹری اسکولز نے کہا کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کو ضروری تعلیمی وسائل کی فراہمی اور اسکولوں میں سازگار تعلیمی ماحول کے قیام کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کے بچوں کو معیاری تعلیمی سہولیات اور ضروری سامان کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ سیکرٹری اسکولز نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعلیمی سامان کی شفاف، منصفانہ اور بروقت تقسیم کو یقینی بنایا جائے اور طلبہ کو درپیش تعلیمی مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 67

محترمہ سلمہ خان کاکڑ کے دیور حاجی محمد جعفر خان کاکڑ کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومین کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 68

مصطفیٰ ابڑو، ڈاکٹر عبیداللہ ابڑو، عزیز اللہ جمالی، فضل الدین جمالی اور جہانگیر جمالی سمیت دیگر معززین اور عمائدین نے شرکت کی۔اس موقع پر رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی باقاعدہ دستار بندی کی گئی۔ شرکاء نے انہیں مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی آئندہ زندگی میں کامیابی، عزت اور سربلندی کے لیے دعا کی۔تقریب کے دوران باہمی محبت، اخوت، بھائی چارے اور روایتی اقدار کے فروغ پر بھی زور دیا گیا۔شرکاء نے کہا کہ ایسی تقریبات معاشرے میں باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور روایات کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ 69

عبدالناصر ظفر اللہ مردانزئی نصیب ناصر جبار مندوخیل نذیر افغان و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ژوب بائی پاس روڈ کی تعمیر میں مسلسل رکاوٹ سمجھ سے بالاتر ہے ژوب ٹرک اڈا کی تعمیر کے بعد بحالی میں ضلعی انتظامیہ کی خاموشی باعث افسوس کا مقام ہے ٹرک اڈا کی فیز ٹو اور سبزی منڈی کی تعمیر میں رکاوٹ اور ٹھیکیدار نے خطیر رقم بغیر کام بینک سے نکالے ہے انہوں نے کہا کہ ٹرک اڈا اور سبزی منڈی میں دکانات کی تقسیم میرٹ پر نہیں۔ بلکہ غیر متعلقہ لوگوں کو الاٹ ہوئے ہیں الاٹمنٹ کو فوری طور منسوخ کیا جائیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان گورنر بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ ژوب بائی پاس روڈ پر جلد کام شروع کیا جائیں ٹرک اڈا فیز ٹو اور سبزی منڈی عائل رکاوٹیں دور کر کے ٹھیکیدار اور محکمہ کو پابند کیا جائے بصورت دیگر سخت ترین احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں جس کی تمام تر ذمہ دار متعلقہ محکمہ ہر عائد ہوگی

بقیہ 70

صحافی و تجزیہ نگار عبدالستار کاکڑ * کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم عبدالستار کاکڑ ایک متحرک اور باصلاحیت صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ ایک نفیس طبع انسان بھی تھے۔ان کی وفات سے صحافت کے شعبے میں پیدا ہونے والا خلاء کبھی پر نہیں ہو سکے گا۔صوبائی وزیر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے

بقیہ 71

عدم فراہمی نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ انجمن تاجران نوکنڈی کے تاجروں کا کہنا ہے کہ بجلی کے بغیر کاروبار چلانا تقریباً ناممکن ہو چکا ہے۔ دکانوں میں موجود برقی آلات، کولنگ سسٹم اور دیگر کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ گاہکوں کی آمد و رفت بھی کم ہو گئی ہے، جس سے تاجروں کو مسلسل مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔تاجروں اور شہریوں نے واپڈا حکام، ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ فوری طور پر اس سنگین مسئلے کا نوٹس لیں اور خراب ٹرانسفارمر کی ہنگامی بنیادوں پر مرمت یا متبادل ٹرانسفارمر کی تنصیب یقینی بنائیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر ٹرانسفارمر کی مرمت میں اتنے دن لگ رہے ہیں تو عوام کو یہ بتایا جائے کہ آخر اسے ٹھیک کر کے واپس لانے میں مزید کتنے دن، ہفتے یا مہینے لگیں گے؟

بقیہ 72

وفاداری سے اپنا کردار ادا کیا۔اب آنے والے انتخابات کے حوالے سے ہم اپنے ساتھیوں، دوستوں اور برادری کے معزز افراد سے باہمی مشاورت کریں گے اور مشاورت کے بعد کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کی حمایت کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ ہماری سیاست کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ اپنے لوگوں کی آواز بننا، ان کے مسائل اجاگر کرنا اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ان شاء اللہ، آئندہ کا فیصلہ بھی ساتھیوں کی مشاورت اور اجتماعی رائے سے کیا جائے گا۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں مزید تیز

فوڈ سیفٹی خلاف ورزیاں سامنے آنے پر 4 یونٹس کو جرمانے، ایک ملک شاپ سیل

کوئٹہ(خ ن)ملاوٹی دودھ اور دہی کی فروخت روک تھام کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کارروائیاں مزید تیز کردی گئی ہیں۔کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس اور جنگ اسٹاپ پر بی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیمز نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ اچانک انسپکشن کرتے ہوئے متعدد ڈیری فارمز اور ملک شاپس کی جانچ پڑتال کی۔کارروائی کے دوران دودھ اور دہی میں ملاوٹ سمیت (بقیہ 35 صفحہ 3پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ممبر قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ، ماڑی گیس کمپنی کے نمائندگان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر(جنرل) (بقیہ 36 صفحہ 3پر)

عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، عبدالخالق اچکزئی

سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی

ضلع چمن (خ ن)ضلع چمن اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے آج نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال چمن کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات، لیبارٹری، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم ایس نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر محمد اویس نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور ڈپٹی کمشنر چمن کو ہسپتال (بقیہ 34 صفحہ 3پر)

نصیرآباد، توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کا ماہانہ جائزہ اجلاس

ای پی آئی پروگرام کے تحت ویکسینیشن کے عمل کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے

نصیرآباد(خ ن)جعفرآباد ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیرِصدارت ای پی آئی (توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات) کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں محکمہ صحت کے افسران نے شرکت کی اور ڈپٹی کمشنر کو ضلع جعفرآباد میں بچوں کو مختلف وبائی ومتعدی امراض سے محفوظ رکھنے کیلئے جاری ویکسینیشن پروگرام، حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج اور بچوں کو ویکسین کی (بقیہ 48 صفحہ 3پر)

استامحمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال زیرِ اعظم پیٹرول ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے پمپ منیجر سے آگاہی حاصل کر رہے ہیں

عبدالکبیر زرکون کی وفد کے ہمراہ برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر کیساتھ اہم اور خوشگوار ملاقات

کوئٹہ (خ ن)بلوچستان ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے مینجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر زرکون کی وفد کے ہمراہ برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر Alison Blackburne کے ساتھ ایک اہم اور خوشگوار ملاقات ہوئی۔اس ملاقات کے دوران بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ (بقیہ 46 صفحہ 3پر)

ڈیرہ بگٹی، نوزائیدہ بچوں کے انتہائی نگہداشت یونٹ کی توسیع اور لیول اپ گریڈیشن کا باقاعدہ افتتاح

بیکڑ نارتھ ڈیرہ بگٹی (خ ن) ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی ریاض احمد داوڑ نے محکمہ صحت اور میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بیکڑ (IHHN) کی انتظامیہ کے ہمراہ ہسپتال میں نوزائیدہ بچوں کے انتہائی نگہداشت یونٹ (NICU) کی توسیع اور لیول اپ گریڈیشن کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا (بقیہ 47 صفحہ 3پر)

کوئٹہ، پروقار "علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈ" کی شاندار تقریب

کوئٹہ(پ ر)محکمہ ثقافت (کلچر ڈیپارٹمنٹ) کے زیرِ اہتمام منعقدہ پروقار "علامہ اقبال صوبائی ادبی ایوارڈ" کی شاندار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم میڈم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ علم وادب سے گہرا لگاؤ اور کتابوں سے وابستگی کسی بھی باحیات (بقیہ 50 صفحہ 3پر)

چمن پسنجر بند کرکے کچلاک سے ٹرین چلانا ترقی نہیں، اسلم اچکزئی

چمن پسنجر ٹرین فوری بحال کی جائے، لاکھوں افراد کو سستی سفری سہولت سے محروم نہ کیا جائے۔

کوئٹہ(پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صوبے میں نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان (بقیہ 49 صفحہ 3پر)

سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں تیزی لائی جائے، خالد خان

تمام امور شفاف اور قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد

جعفرآباد(خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیرصدارت سرکاری واجبات کی وصولی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ مال کے افسران اور متعلقہ عملے نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران محکمہ مال کے افسران کی جانب سے ضلع جعفرآباد میں سرکاری واجبات کی وصولی، موجودہ صورتحال، مقررہ اہداف اور اس حوالے سے جاری اقدامات کے بارے (بقیہ 51 صفحہ 3پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے نیاز بین و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ پولیس نے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ پولیس نے سول ہسپتال کوئٹہ سے موٹرسائیکل چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس پی سٹی آصف غفور کی زیر نگرانی ڈی ایس پی عبدالقادر قمبرانی کی (بقیہ 52 صفحہ 3پر)

ہرنائی کے سینیٹیشن عملے کی جانب سے روزمرہ کی صفائی ستھرائی کی سرگرمیاں بلاتعطل جاری

ہرنائی(پ ر) شہر کو صاف ستھرا بنانے اور عوام کو صحت بخش ماحول کی فراہمی کے پیش نظر میونسپل کمیٹی ہرنائی کے سینیٹیشن عملے کی جانب سے روزمرہ کی صفائی ستھرائی کی سرگرمیاں بلاتعطل جاری ہیں۔

ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال اور اسسٹنٹ کمشنر استامحمد ماریہ شمون نے طاہر پی ایس او پٹرول پمپ کا دورہ

نصیرآباد(خ ن) وزیراعظم پٹرول ریلیف اسکیم کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال اور اسسٹنٹ کمشنر استامحمد ماریہ شمون نے طاہر پی ایس او پٹرول پمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پر ایس ایچ او سٹی ندیم بہرانی بھی اپنی ٹیم کے ہمراہ موجود تھے۔دورے کے دوران پٹرول پمپ مالکان کو عوام کو وزیر اعظم پٹرول ریلیف کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کا پابند کیا گیا۔ پٹرول پمپ انتظامیہ کا آئل مارکیٹنگ کمپنی (او ایم سی) سے رابطہ کروا کر آئی ڈی فعال کروانے کا مسئلہ حل کیا گیا

کامریڈ نیاز احمد جاموٹ کا جاموٹ قومی موومنٹ سے علیحدگی کا اعلان

ہماری سیاست کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ اپنے لوگوں کی آواز بننا

چھتر(نامہ نگار) کامریڈ نیاز احمد جاموٹ اپنے بیان میں کہا ہے کہ جاموٹ قومی موومنٹ سے علیحدگی کا اعلان کرتا ہوں کامریڈ نیاز احمد جاموٹ نے جاموٹ قومی موومنٹ سے اپنی سیاسی راہیں جدا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ہم نے ایک پلیٹ فارم پر کسی ذاتی مفاد کے بغیر دن رات محنت کی اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ خلوص و (بقیہ 72 صفحہ 3پر)

نوکنڈی مشرقی بازار میں بجلی کے بحران پر تاجروں اور شہریوں کی تشویش

نوکنڈی مین بازار اور مشرقی بازار کا ٹرانسفارمر ایک ہفتے سے خراب، کاروبار اور شہری زندگی شدید متاثر

نوکنڈی(نامہ نگار) مین بازار اور مشرقی بازار کو بجلی فراہم کرنے والا ٹرانسفارمر گزشتہ ایک ہفتے سے خراب ہونے کے باعث بازار اور ملحقہ آبادی تاریکی میں ڈوبی ہوئی ہے۔مسلسل ایک ہفتے سے بجلی کی بندش کے باعث تاجروں کا کاروبار شدید متاثر ہو رہا ہے، جبکہ دکانداروں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔اہلیانِ کلی مشرقی بازار کے مکین بھی طویل بجلی کی بندش کے باعث شدید مشکلات اور اذیت میں مبتلا ہیں۔شدید گرمی کے موسم میں گزشتہ ایک ہفتے سے بجلی کی (بقیہ 71 صفحہ 3پر)

صادق عمرانی کا عبدالستار کاکڑ کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی کمیٹی رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان کے سینئر (بقیہ 70 صفحہ 3پر)

ٹرک اڈا اور سبزی منڈی میں دکانات کی تقسیم میرٹ پر نہیں، غیر متعلقہ لوگوں کو الاٹ ہوئے ہیں، عبدالجبار کاکڑ

ٹرک اڈا فیز ٹو اور سبزی منڈی عائل رکاوٹیں دور کرکے ٹھیکدار اور محکمہ کو پابند کیا جائے

ژوب(بیورو چیف رفیق قیصرانی) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کے زیراہتمام کلچرل ہال میں عبدالجبار کاکڑ کے زیرصدارت منعقد ہوا تقریب کے مہمان خاص ڈپٹی کمشنر عارف زرکون اور مختلف سیاسی سماجی رہنماؤں نے شرکت کی ایجنڈا ژوب بائی پاس روڈ۔ٹرک اڈا سبزی منڈی جس کی مسلسل رکاوٹ پر ڈپٹی کمشنر عارف زرکون جبار حرم زئی انور لالا سردار نصیب اللہ کبیزئی مولانا (بقیہ 69 صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا ڈائریکٹر جنرل (پی ڈی ایم اے) جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ڈائریکٹر جنرل صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) جہانزیب خان غوریزئی کے والد کے انتقال پر ان کے گھر جاکر تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے رکن صوبائی اسمبلی (بقیہ 67 صفحہ 3پر)

بسم اللہ ٹاؤن سکھر میں رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی دستار بندی کے سلسلے میں پروقار تقریب

ایسی تقریبات معاشرے میں باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور روایات کو زندہ رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں

جعفرآباد(نامہ نگار مقصود احمد مہر) بسم اللہ ٹاؤن سکھر میں رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی دستار بندی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں بلوچستان سے خصوصی طور پر آئے ہوئے معزز مہمانوں رئیس عبدالکریم ببر اور میر غلام حسین جمالی نے شرکت کی۔تقریب میں، غلام حسین ببر جمالی، غلام ربانی، سانولا راہوجہ، پہنل راہوجہ، محمد مرید، نسیم راہوجہ، میر (بقیہ 68 صفحہ 3پر)

بسم اللہ ٹاؤن سکھر میں رئیس میر ہزار خان راہوجہ کی دستار بندی کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب میں معززین دستار بندی کر رہے ہیں

حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، مولانا عبدالواسع

بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BDA) جیسے اہم ترقیاتی ادارے کو ہی ختم کر دیا گیا ہے

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ حکومت کی ناقص اور غیر واضح پالیسی سمجھ سے بالاتر ہے، ایک طرف عوام کیلئے روزگار کے راستے محدود کیے جا رہے ہیں اور دوسری جانب بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (BDA) جیسے اہم ترقیاتی ادارے کو ہی ختم کر دیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں ہزاروں ملازمین (بقیہ 37 صفحہ 3پر)

صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ اسپورٹس یوتھ پالیسی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں شرکاء کے سوالات کے جوابات دے رہی ہیں

خوشحال پاکستان کیلئے فرسودہ نظام کا خاتمہ ضروری ہے۔پروفیسر حلیم صادق

ملک کو درپیش مسائل کی وجہ فرسودہ نظام ہے۔نوجوان ملک کے روشن مستقبل میں اہم کردار ادا کریں

کوئٹہ (پ ر)عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ خوشحال، مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کیلئے فرسودہ نظام میں تبدیلی ناگزیر ہے۔ملک کو درپیش معاشی، سیاسی اور سماجی مسائل کی بنیادی وجہ موجودہ فرسودہ نظام ہے، جس میں اصلاحات اور بنیادی تبدیلی کے بغیر عوام کو حقیقی ریلیف فراہم (بقیہ 45 صفحہ 3پر)

کوئٹہ میں گیس لوڈشیڈنگ فوری طور پر ختم کرکے بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، مولانا رفیق

عوام کو ہر سال گیس بحران کا سامنا کروانے کا سلسلہ مزید قابلِ قبول نہیں

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، سیٹھ اجمل بازئی، میر حشمت لہڑی، مفتی رضا خان، حاجی ظفراللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، سالار مولانا علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولانا نقیب اللہ ملاخیل نے کوئٹہ میں جاری گیس لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس کی مسلسل بندش نے (بقیہ 44 صفحہ 3پر)

عبدالکبیر خان زرکون کا اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا اہم دورہ

حکومت کی تمام تر ترجیح صوبے کے نوجوانوں کو بہترین اور معیار زندگی کے مطابق تمام ممکنہ سہولیات فراہم کرنا ہے

کوئٹہ(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر مینجنگ ڈائریکٹر بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) عبدالکبیر خان زرکون نے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ کراچی کا اہم دورہ کیا، جہاں انہوں نے 'وزیر اعلیٰ بلوچستان یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام' کے تحت زیر تربیت صوبے کے نوجوانوں کیلئے کیے گئے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس انقلابی پروگرام کے تحت بلوچستان کے ایک ہزار (1000) ہونہار نوجوانوں کو کراچی کے معروف ادارے کیو ٹیک (QTech) کے ذریعے جدید آئی ٹی اور تکنیکی شعبوں میں عالمی (بقیہ 38 صفحہ 3پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ورلڈ فوڈ پروگرام پاکستان کی سربراہ انیتا ہرش کو سوئیر پیش کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سے طالب علم ولی اللہ ترین ولد عین الدین کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کے روز پشین کے علاقے کلی ہیکلزئی سے تعلق رکھنے والے میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج ایڈمیشن ٹیسٹ میں بلوچستان بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم ولی اللہ ترین ولد عین الدین نے ملاقات کی۔

خواندگی اور عددی مہارتوں کے فروغ کیلئے اساتذہ کا 16 روزہ تربیتی پروگرام

پسنی(خ ن) گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن (GPE) اور یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے پروونشل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) بلوچستان کے زیرِ اہتمام خواندگی اور عددی مہارتوں (Literacy & Numeracy) کے (بقیہ 39 صفحہ 3پر)

خصوصی بچے کسی بھی معاشرے پر بوجھ نہیں، سیف اللہ کھیتران

حوصلہ افزائی اور سرپرستی حکومت سمیت معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ(خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا ہے کہ خصوصی بچے کسی بھی معاشرے پر بوجھ نہیں بلکہ ہماری طاقت، صلاحیت اور قومی اثاثہ ہیں، ان کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی حکومت سمیت معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے خصوصی بچوں نے کھیلوں کے میدان میں اپنی صلاحیتیں منوا کر ثابت کر دیا ہے کہ انہیں اگر مناسب مواقع، سہولیات اور حوصلہ افزائی فراہم کی جائے تو وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر ملک وصوبے کا نام روشن کر سکتے ہیں۔

پارلیمنٹ میں جمعیت علماء اسلام نے دینی، آئینی، معاشی اور عوامی مسائل پر آواز اٹھائی ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

عوام کے مسائل کا حل پارلیمنٹ کو مضبوط بنانے، منتخب نمائندوں کو بااختیار کرنے اور آئین کی بالادستی کے ذریعے ہی ممکن ہے جمعیت

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی، مولوی فضل الباری، حافظ محمد ادریس فاروقی، حافظ حضرت علی، ملا نصر الدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے پاکستان کی سیاسی تاریخ میں پارلیمانی (بقیہ 40 صفحہ 3پر)

لانگ مارچ سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، بیرسٹر گوہر

شوکت یوسفزئی اب بھی صوبائی سیکرٹری اطلاعات ہیں، یہ جمہوری پارٹی ہے، ایسے لیٹر آتے رہتے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، نہ ہی کوئی ایمرجنسی کی صورتحال ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ سیاسی اور اٹل فیصلہ ہے، یہ ہمارا جمہوری حق بھی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی سے کل ٹیلیفونک رابطہ ہوا تھا، آج ملاقات کا امکان نہیں ہے۔خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی سے متعلق سوال کے جواب میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ایمرجنسی نہیں (بقیہ 41 صفحہ 3پر)

ایشیا میں انجمن 2026 کانفرنس میں گوادر کے ماہی گیروں کے مقامی علم اور روایتی دانش کے موضوع پر تحقیقی مقالہ

گوادر(خ ن) یونیورسٹی آف گوادر کے فیکلٹی ممبر مرزا غالب نے ایشیائی مطالعات کی انجمن کے زیر اہتمام ایشیا میں انجمن 2026 کانفرنس میں یونیورسٹی کی نمائندگی کرتے ہوئے گوادر کے ماہی گیروں کے مقامی علم (بقیہ 43 صفحہ 3پر)

اساتذہ طویل عرصے سے پرموشن کے انتظار میں ہیں، جے ٹی اے آئینی

پروموشن کیسز کیلئے سلیکشن بورڈ کا اجلاس بلاکر ملازمین کا دیرینہ مسئلہ حل کیا جائے، صوبائی بیان

کوئٹہ(پ ر) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان صوبہ بھر کے ملازمین بشمول اساتذہ کرام کے طویل عرصے سے زیر التوا پروموشن کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس فوری طور پر طلب کیا جائے تاکہ ملازمین کے پروموشن کیسز کو بلاوجہ مزید تاخیر کا شکار ہونے سے بچایا جا سکے۔ (بقیہ 42 صفحہ 3پر)

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، سی ای او قائم لاشاری کے اعزاز میں الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملک بھر میں لاکھوں مستحق خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے، سکینہ عبداللہ

بلوچستان میں بی آئی ایس پی کے دفاتر میں مستحق خواتین کو درپیش مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) پاکستان پیپلز پارٹی ویمن ونگ بلوچستان کی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور چیئر پرسن آئی ایچ آر ایم ویمن ونگ بلوچستان سکینہ عبداللہ خان نے شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام غریب اور مستحق خواتین کی مالی معاونت اور فلاح و بہبود کے لیے ملک کا ایک اہم اور (بقیہ 56 صفحہ 3پر)

سینئر صحافی و تجزیہ نگار حاجی عبدالستار کاکڑ عارضہ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے

کوئٹہ(این این آئی) سینئر صحافی و تجزیہ نگار حاجی عبدالستار کاکڑ عارضہ قلب بند ہونے کے باعث انتقال کر گئے، وہ کسٹم اہلکار نثار احمد کاکڑ کے والد، حاجی عبدالغفار، حاجی عبدالجبار، حاجی عبدالمنان، حاجی عبدالجلیل، حاجی (بقیہ 55 صفحہ 3پر)

بلیدہ میں گھر پر حملہ، بچے کے اغواء اور خاتون کی ہلاکت پر میر فدا حکیم رند کا اظہارِ تشویش

واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے



گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) مکران ڈویژن کے معروف سیاسی وسماجی رہنما میر فدا حکیم رند نے بلیدہ میں ایک گھر پر حملے، بچے کے اغواء اور ایک خاتون کی ہلاکت کے واقعے پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ گھروں کی حرمت پامال کرنا، چادر اور چار دیواری کا تقدس مجروح کرنا بلوچ معاشرتی اور قبائلی روایات (بقیہ 53 صفحہ 3پر)

عوامی سہولیات میں بہتری براہِ راست معاشی اور سماجی ترقی سے منسلک ہے، کرن بلوچ

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان کمیشن برائے حیثیتِ نسواں (BCSW) کی چیئر پرسن کرن بلوچ نے جناح پیپلز ٹرین کے افتتاح کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور جدید و مؤثر عوامی خدمات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

جامعہ تربت، اسپرنگ 2027 کے داخلوں کی آخری تاریخ میں 16 اکتوبر تک توسیع

امیدوار جامعہ تربت کے مین کیمپس یا سٹی کیمپس (شعبہ قانون) میں قائم خصوصی ایڈمیشن سیل سے رجوع کر سکتے ہیں

تربت (سٹاف رپورٹر) جامعہ تربت نے تعلیمی سال 2027 کے اسپرنگ سیشن میں مختلف انڈر گریجویٹ اور گریجویٹ پروگراموں میں داخلہ لینے کیلئے آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 16 اکتوبر 2026 تک توسیع کا اعلان کیا ہے۔جامعہ تربت کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق خواہشمند امیدوار 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلے کیلئے (بقیہ 54 صفحہ 3پر)

مسلم لیگ (ن) کے ڈویژنل اجلاس میں پارٹی ورکرز کے مسائل پر اہم میٹنگ کا فیصلہ

سریاب کوئٹہ کے رہنما بسم اللہ سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی دوران اجلاس چائے پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا

کوئٹہ(پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بڑیچ کی رہائش گاہ پر ڈویژنل عہدیداران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں مسلم لیگ (ن) مکران ڈویژن کے صدر اشرف ساگر بلوچ، نصیرآباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری محمد حسین گولہ، سینئر صوبائی رہنما ارباب اقبال کاسی، رخشان ڈویژن کے سینئر نائب صدر نثار احمد بلوچ اور سریاب کوئٹہ کے رہنما بسم اللہ سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی دوران اجلاس چائے پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا (بقیہ 57 صفحہ 3پر)

پاکستان مسلم لیگ (ن) رخشان ڈویژن کے صدر حاجی عرض محمد بڑیچ کی رہائش گاہ پر ڈویژنل عہدیداران کا اہم اجلاس منعقد ہو رہا ہے

ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے، شکیل قادر

زیرِ تکمیل ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

طلبہ و طالبات کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیح ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا، جس میں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، پرائس کنٹرول، زرعی انکم ٹیکس، صفائی مہم، تعلیمی سہولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔کانفرنس میں محکمہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی (بقیہ 58 صفحہ 3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے سینئر صحافی عبدالستار کاکڑ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے مرحوم کے اہل خانہ اور لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے (بقیہ 60 صفحہ 3پر)

پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

ملزم مالک داد ولد دستگیر قوم عبداللہ زہی کو گرفتار کرکے چرس برآمد کر لی گئی

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی حسب الحکم جناب DIG صاحب ژوب، زیر نگرانی جناب SSP سید عبدالصبور آغا صاحب کی ہدایت پر پولیس تھانہ سٹی ژوب SHO عدنان جلالزہی ASHO سہراب خان بمعہ ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کی۔ (1) کارروائی کے (بقیہ 59 صفحہ 3پر)

پولیس تھانہ سٹی ژوب SHO عدنان جلالزہی ASHO سہراب خان بمعہ ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی میں گرفتار ملزمان پولیس کی حراست میں

پاکستان نیوی میں بطور پی این کیڈٹ (انجینئرنگ برانچز) مستقل کمیشن کیلئے رجسٹریشن کا آغاز

ناظمین اور اہل امیدوار 11 اکتوبر تک پاکستان نیوی کی آفیشل ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں

کندھکوٹ (رپورٹ/عبدالرزاق آزاد) پاکستان نیوی میں بطور پی این کیڈٹ (انجینئرنگ برانچز) مستقل کمیشن کیلئے رجسٹریشن کا آغاز – ٹرم 2027-A اسلام آباد/کراچی–پاکستان نیوی نے انجینئرنگ برانچز میں بطور پی این کیڈٹ (مستقل کمیشن) شمولیت (بقیہ 61 صفحہ 3پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

دوسرے سیمی فائنل میچ میں سدھیر جان کلب چاغی نے شہید اختر جان کلب نوشکی کو جیت کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

چاغی(نامہ نگار) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ بمقام مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں دوسرے سیمی فائنل میچ میں سدھیر جان کلب چاغی نے شہید اختر جان کلب نوشکی کو جیت کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا دلچسپ میچ کے مہمان خاص میزان بینک دالبندین کے مینجر میر جہانزیب مینگل تھے صدام حمید سالانی، (بقیہ 62 صفحہ 3پر)

نوڈیرو، سائیں سیف الدین ہاشمی کراچی میں وفات پا گئے

نوڈیرو(رپورٹ: عابد بھٹو) علاقے کی معزز شخصیت سائیں سیف الدین ہاشمی کراچی میں وفات پاگئے۔تفصیلات کے مطابق (بقیہ 64 صفحہ 3پر)

تعلیمی معیار میں بہتری لانے کیلئے طلبہ میں مختلف نوعیت کا تعلیمی سامان تقسیم

اسکولوں میں سازگار تعلیمی ماحول کے قیام کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

کوئٹہ(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبائی سیکرٹری اسکولز لعل جان جعفر کی زیر نگرانی ٹیکنیکل ماڈل ہائی اسکول کوئٹہ میں بلوچستان اسٹوڈنٹ لرننگ امپروومنٹ پروگرام (BSLIP) کے تحت طلبہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے، سیکھنے کے (بقیہ 66 صفحہ 3پر)

گرین بس سروس کو ڈیجیٹائز اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس

عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے گرین بس سروس کے نظام کو مرحلہ وار جدید اور ڈیجیٹلائز کیا جائے

کوئٹہ(خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن زیشان لاشاری کی زیرصدارت گرین بس سروس کو ڈیجیٹائز اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہریوں کو بہتر، آسان اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ گرین بس سروس (بقیہ 63 صفحہ 3پر)

اورماڑہ ضلعی آفیسر تعلیم گوادر عبدالوہاب مجید گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول ہڈ میں حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

ہجرت کامران کی عدم بازیابی بدترین ظلم ہے، فوری بازیاب کیا جائے۔سید صادق آغا

قانون و آئین کے مطابق سیاسی کارکنوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔نائب صدر بلوچستان

کوئٹہ(پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے حقیقی آزادی ٹائیگر ہجرت کامران کی طویل عرصہ سے عدم بازیابی جبکہ تحریک انصاف بلوچستان کے رہنماؤں شاہنواز کھرل، گل خان اچکزئی، فیصل، شاہ محمد اور دیگر کی مسلسل 3 ایم پی او کے تحت بندش کی سخت الفاظ میں (بقیہ 65 صفحہ 3پر)